58

سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 306 | صفحات: 08 | ۶ نومبر ۲۰۲۶ بروز جمعۃ المبارک بمطابق ۲۵ جمادی الاول ۱۴۴۸ | Friday 06th November 2026 | جلد نمبر 58




ہجیکا تانے جوکووچ کو ہرایا

آسٹریلیا کے رگبی کھلاڑی ہجیکا تانے بیلہ کوورڈ لیس یوایس اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے اپ سیٹ کرتے ہوئے سات مرتبہ کے چیمپئن نوواک جوکووچ کو ۶-۴، ۶-۴، ۳-۶، ۶-۴ سے شکست دے کر ٹینس کے دنیا میں ہلچل مچادی۔ اس جیت کے ساتھ ہی کھلاڑی کی نگاہیں اب پہلی بار کسی گرینڈ سلام ٹائٹل کو اپنے نام کرنے کی امیدیں بھی منعقد ہو گئیں، دنیائے ٹینس کے کھلاڑی ہجیکا تانے وہ گھنٹے ۳ منٹ۔ (تفصیلات اندر)



رونالڈو کو لیجنڈ قرار دیا

پرتگال کے دبنگ فارورڈ رونالڈو کی ہیٹ ٹرک کی مدد سے پرتگال نے آئرلینڈ کے خلاف یورپی کھیلوں کی دوڑ سے مکمل سنسنی آمیز مقابلے میں ۶-۵ سے فتح حاصل کرلی۔ یورو کپ کے سیمی فائنل میں پرتگال کی جانب سے رونالڈو نے ۶۰ ویں اور ۶۷ ویں منٹ میں گول کئے۔ اس فتح کے ساتھ ہی رونالڈو نے ۱۴۱ گول کرکے اپنی عزت افزائی کی۔ ۴۱ سالہ رونالڈو نے میچ کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وہ نومبر کے ماہ میں ہونے والے نیشنل لیگ کے میچ کے بعد بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائرمنٹ لے لیں گے۔ (تفصیلات اندر)



MBBS کی نشستوں میں اضافہ

مسرت آمیز اطلاع ہے/سکینہ اتو



سرینگر/ جھمرات کو مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا کے ہمراہ وزیر صحت سکینہ اتو بھی ایمز اونتی پورہ میں موجود تھیں۔ یہاں منعقدہ جائزہ میٹنگ کے بعد وزیر صحت نے بتایا کہ مرکزی وزیر صحت نے ایمز اونتی پورہ کا تفصیلی/2

جیلوں کی سکیورٹی اور انتظامی پروٹوکول کو مضبوط بنانے کی ضرورت/LG

دہشت گرد نیٹ ورکس، بنیاد پرستی اور امن وامان کے خطرات سے نمٹنے پر تبادلہ خیالات

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج لوک بھون میں محکمہ جیل خانہ جات کے اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی جس میں جموں وکشمیر بھر میں جیلوں کی سکیورٹی اور انتظامی پروٹوکول کو مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ میٹنگ میں ڈی جی پی ملن پربھات، ڈی جی پی جیل خانہ جات جموں وکشمیر دیپک کمار، ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ داخلہ چندراکر بھارتی، سیشل ڈی جی کوآرڈی نیشن پی ایچ کیو ایس جے ایم گیلانی، اے ڈی جی سی آئی ڈی ایم کے سنہا، لیفٹیننٹ گورنر کے پرنسپل سیکرٹری گووند جیسوال، ایڈیشنل ڈائریکٹر آئی پی جموں و کشمیر لداخ پنچ کمار ٹھاکر اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے جیل انتظامیہ کو مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے پولیس، محکمہ جیل خانہ جات اور اعلیٰ جنس ایجنسیوں کے درمیان مربوط کوآرڈی نیشن میکانزم کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے دہشت گرد نیٹ ورکس، بنیاد پرستی اور امن وامان کے خطرات سے نمٹنے کے لئے پولیس، محکمہ جیل خانہ جات اور اعلیٰ جنس ایجنسیوں کے درمیان باقاعدگی سے جائزہ میٹنگ منعقد کرنے اور اعلیٰ جنس معلومات کے تبادلے کی ہدایت دی۔ انہوں نے جیل کے احاطے اور آس پاس کے علاقوں کی اچانک چیکنگ/1



AIIMS اونتی پورہ کے مکمل قیام کیلئے کام کا جائزہ

مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا کا خصوصی دورہ، سیٹوں کی تعداد 100 کرنے کا اعلان

اونتی پورہ/ جے کے این ایس/ مرکزی وزیر برائے صحت و خاندانی بہبود، جگت پرکاش نڈا نے جمعرات کو جموں وکشمیر کی وزیر صحت وطبی تعلیم، سکینہ اتو کے ہمراہ جمعرات کو جنوبی کشمیر کے علاقے اونتی پورہ میں زیر تعمیر 'آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز' (AIIMS) میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ جے کے این ایس کے مطابق مرکزی وزیر جے پی نڈا نے AIIMS اونتی پورہ اور جموں وکشمیر میں صحت شعبے کی مجموعی صورتحال، طبی سہولیات اور جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ جمعرات کی دوپہر مرکزی وزیر AIIMS اونتی پورہ گاڑیوں کے ایک کاروان کے ساتھ پہنچے جہاں گیسٹ پران کا گرمجوشی کیساتھ استقبال کیا۔ مرکزی وزیر صحت وخاندانی بہبود جے پی نڈا کی زیر صدارت جائزہ میٹنگ میں وزیر صحت سکینہ اتو، ضلع ترقیاتی کمشنر پلوامہ کے کے سدھا، اور دیگر عہدیدار بھی موجود تھے۔ مرکزی وزیر صحت اپنے دورے کے دوران جموں وکشمیر میں طبی شعبے کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا۔ جائزہ اجلاس کے دوران وزراء نے جاری ترقیاتی کاموں، بنیادی ڈھانچے کی تیاری اور اس اہم طبی ادارے کے قیام سے متعلق دیگر کلیدی پہلوؤں کا جائزہ لیا۔ اس جائزے کا مقصد اب تک ہونے والی پیش رفت کا اندازہ لگانا اور ان پہلوؤں کی نشاندہی کرنا تھا جن پر مزید توجہ دینے کی ضرورت ہے، تاکہ منصوبے کی تکمیل اور نفاذ کے عمل کو تیز کیا جاسکے۔ مرکزی وزیر برائے صحت وخاندانی بہبود، جگت پرکاش نڈا نے 2160 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار ہو رہے 'آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز' (AIIMS) جموں 750 بستروں والے جدید طبی/3



منشیات اسمگلنگ، سائبر فراڈ اور خطرناک ڈرائیونگ کے خلاف پولیس کارروائیاں تیز

منشیات کے خلاف 1500 سے زائد مقدمات درج 1941 افراد گرفتار/IGP کشمیر

سرینگر/ جموں وکشمیر پولیس نے رواں سال وادی کشمیر میں منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت 1500 سے زائد مقدمات درج کئے، 1941 افراد کو گرفتار کیا اور تقریباً 154 کروڑ روپے مالیت کی جائیدادیں منسلک کی ہیں۔ ان باتوں کا اظہار انسپکٹر جنرل آف پولیس کشمیر سوجیت کمار نے جمعرات کو کیا۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق سرینگر میں پولیس کنٹرول روم کشمیر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے آئی جی پی نے کہا کہ پولیس نے منشیات کی اسمگلنگ، سائبر فراڈ اور خطرناک ڈرائیونگ کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ انہوں نے ان تینوں مسائل کو وادی کے نوجوانوں کے لیے بڑے چیلنج قرار دیا۔ انہوں نے بتایا کہ کارروائیوں کے دوران 1711 کلوگرام منشیات ضبط کی گئی، 10 لاکھ روپے سے زائد نقدی برآمد کی گئی اور منشیات سے متعلق سرگرمیوں میں ملوث 567 یونٹ اکاؤنٹس منجمد کیے گئے۔ اس کے علاوہ 2116 کنال اراضی پر پھیلی غیر قانونی/4



جموں وکشمیر لداخ اور ہماچل میں ووٹر لسٹوں کی نظر ثانی کا اعلان

موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے، مناسب وقت پر جاری کیا جائے گا

سرینگر/ جے کے این ایس/ ملک کی اہم ترین انتخابی باڈی، الیکشن کمیشن آف انڈیا نے جمعرات کو کہا کہ ہماچل پردیش، جموں وکشمیر اور لداخ میں انتخابی فہرستوں کی 'انٹینسو سمری ریویژن' (خصوصی نظر ثانی) کا اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا۔ جے کے این ایس کے مطابق نئی دہلی میں جاری کردہ ایک بیان میں الیکشن کمیشن نے کہا کہ ان تینوں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں (ہماچل پردیش، جموں وکشمیر اور لداخ) میں انتخابی فہرستوں کی نظر ثانی کا شیڈول، وہاں کے موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے، مناسب وقت پر جاری کیا جائے گا۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا نے کہا کہ مزید برآں، تین ریاستوں اور مرکز کے/5

11 لاکھ روپے سمیت ATM کو اپنی جگہ غائب پایا گیا

وادی کے ضلع پلوامہ کے انڈسٹریل ایریا لاسی پورہ میں واقعہ

پلوامہ/ جے کے این ایس/ جنوبی کشمیر کے ضلع پلوامہ کے معروف صنعتی علاقے لاسی پورہ میں نامعلوم چوروں نے بدھ اور جمعرات کی درمیانی رات اسٹیٹ بینک آف انڈیا (ایس بی آئی) کی ایک ATM مشین چوری کرلی، جس میں مبینہ طور پر تقریباً 11 لاکھ روپے کی نقدی موجود تھی۔ جے کے این ایس کو ملی اطلاعات کے مطابق واقعے کے بعد پلوامہ پولیس نے فوری طور پر معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے قانونی کارروائی اور تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ اس سلسلے میں پولیس اسٹیشن لیتر میں ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے، جبکہ ملوث افراد کی شناخت اور گرفتاری کے لیے پولیس ٹیموں کو متحرک کر دیا گیا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ/6

ہنگامہ آرائی اور بائیکاٹ کو راہل گاندھی نے کانگریس کی روایت بنادیا

بی جے پی پارلیمنٹ سے لے کر دیہات تک ہر جگہ جواب دے گی/ امیت شاہ

سرینگر/ نیشنل نیوز بیورو (این این بی) کے مطابق کرنال میں بھارتیہ جنتا پارٹی کی جانب سے منعقدہ "لوک تنتر بچاؤ، انار کی ہٹاؤ" (جمہوریت بچاؤ، افراتفری ختم کرو) مہم کے تحت ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا کہ راہل گاندھی نے پارلیمنٹ میں ہنگامہ آرائی اور کارروائی کے بائیکاٹ کو کانگریس کی ثقافت میں تبدیل کر دیا ہے۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے راہل گاندھی پر ملک میں افراتفری پھیلانے کی کوشش کرنے کا الزام بھی عائد کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کی 80 سالہ جمہوریت اتنی کمزور نہیں ہے کہ کسی کی سیاسی چالوں سے اسے نقصان پہنچایا جا سکے۔ شاہ نے راہل گاندھی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ ملک کی 80 سالہ جمہوریت آپ کی چالوں کا شکار ہو جائے گی؟ انہوں نے کہا کہ بی جے پی آپ کی سرگرمیوں کا بھرپور جواب دے گی، خواہ وہ پارلیمنٹ ہو، ریاستی/7



سوشل میڈیا پر غیر مصدقہ خبروں کا پھیلاؤ تشویش ناک/ غلام نبی آزاد

روح اللہ اور انجینئر رشید سے میرے اتحاد کی خبر کا سر ہے نہ پیر



سرینگر/ کے این ایس/ جموں وکشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ غلام نبی آزاد نے جمعرات کو ان خبروں کی سختی سے تردید کی کہ انہوں نے 2024 میں یا اس سے پہلے پیپلز کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ دفعہ 370 کے حوالے سے کوئی بات چیت کی تھی۔ انہوں نے ان تینوں رہنماؤں کے درمیان کسی سیاسی مشاورت کی خبروں کو مکمل طور پر من گھڑت قرار دیا۔ کشمیر نیوز سروس کے ساتھ بات کرتے ہوئے آزاد نے موجودہ سیاسی صورتحال، بالخصوص آغا سید روح اللہ مہدی کی پیپلز کانفرنس سے علیحدگی کے بعد کشمیر واپسی سے متعلق قیاس آرائیوں کو بھی مسترد کیا۔ انہوں نے کسی نئے سیاسی محاذ کی تشکیل کے سلسلے میں کسی بھی رہنما کے ساتھ رابطے میں ہونے کی تردید کی۔ آزاد نے کہا کہ انہوں نے نہ تو 2024 میں اور نہ ہی اس سے پہلے کبھی فاروق صاحب اور عمر صاحب کے ساتھ دفعہ 370 پر بات چیت کی//8

محبوبہ مفتی ایک بار پھر پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی صدر مقرر

ایک لیڈر نے تجویز کی ایک عہدے دار نے حمایت کی انتخاب بلا مقابلہ



سرینگر/ جے کے این ایس/ جموں وکشمیر کی سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی بلا مقابلہ دوبارہ پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی صدر منتخب ہوگئیں۔ محبوبہ مفتی 2003 سے مسلسل اس عہدے پر فائز ہیں۔ جے کے این ایس کے مطابق پی ڈی پی کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ جموں اور سرینگر سے تعلق رکھنے والے انتخابی کالج کے ارکان نے متفقہ طور پر محبوبہ مفتی کی دوبارہ صدارت کے حق میں حمایت کی۔ بیان کے مطابق محبوبہ مفتی کو دوبارہ صدر منتخب کرنے کی تجویز سابق وزیر اور پارٹی کے سینئر رہنما عبدالرحمان ویری نے پیش کی، جبکہ پارٹی کے ایک اور سینئر رہنما محمد خورشید عالم نے اس تجویز کی تائید کی۔ پی ڈی پی کا کہنا ہے کہ اجلاس میں موجود انتخابی کالج کے تمام ارکان نے متفقہ طور پر محبوبہ مفتی کی امیدواری کی حمایت کی، جو پارٹی کا اجتماعی فیصلہ ظاہر کرتا ہے۔ پارٹی نے مزید بتایا کہ جموں سے تعلق رکھنے والے انتخابی کالج کے ارکان نے آن لائن/9

سائبر کرام کے آفیسر جتلانے والے چار افراد کی گرفتاری

50 ہزار روپے کا فراڈ زیر تفتیش

سرینگر/ جے کے این ایس/ حکام نے بتایا کہ بتہ مالو سری نگر میں 4 افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے جنہوں نے سائبر کرائم کے افسران کا روپ دھار کر ایک شخص سے 50 ہزار روپے کا فراڈ کیا۔ ایک میڈیا رپورٹ میں ایک عہدیدار کے حوالے سے بتایا گیا کہ ایک شخص کی جانب سے شکایت موصول ہوئی جس میں الزام لگایا گیا کہ 4 افراد نے خود کو سائبر کرائم ڈیپارٹمنٹ کا افسر ظاہر کر کے اسکے ساتھ دھوکہ دہی کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ملزمان نے دھوکہ دہی سے شکایت کنندہ سے 50 ہزار روپے لے لیے۔ عہدیدار کے مطابق، بتہ مالو پولیس اسٹیشن میں بھارتیہ نیائے سنہیتا (بی این ایس) کی متعلقہ دفعات کے تحت ایک ایف آئی آر نمبر 139/2026 درج کر لی گئی ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔

تعلیم محض نمبروں کے حصول تک محدود نہ رہے/ وزیر اعلیٰ

کوئی سوال احمقانہ نہیں ہوتا، صرف جوابات احمقانہ ہو سکتے ہیں

جموں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے یہاں کنونشن سینٹر میں ڈائیویسز آف جموں۔ سری نگر ایجوکیشن سوسائٹی (ڈی جے ایس ای ایس) کی سالانہ ایوارڈ تقریب بعنوان 'آنر اینڈ ایکسیلنس 2026' میں شرکت کی۔ یہ تقریب کا مقصد تعلیمی کارکردگی، فرض شناسی پر مبنی خدمات اور ذمہ دار شہری تیار کرنے میں سوسائٹی کے کردار کے اعتراف میں منعقد کی گئی۔ تقریب میں دسویں اور بارہویں جماعت کے بورڈ امتحانات میں شاندار کارکردگی دکھانے والے طلبا کو اعزاز سے نوازا گیا۔ خدمات کے 25 سالہ وقف خدمات مکمل کرنے والے ملازمین کیا حوصلہ افزائی کی گئی اور سوسائٹی کے تعلیمی اداروں کے نامور سابق طلبا کو بھی شرائط تحسین پیش کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ تعلیم کا مقصد محض تعلیمی کارکردگی اور نمبروں کے حصول تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس کا مقصد ایسے ہمہ جہت افراد کی تعمیر ہونا چاہیے جو مضبوط اخلاقی اقدار، آزادانہ سوچ اور صحیح وغلط میں تمیز کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ وزیر اعلیٰ نے ڈائیویسز کے تعلیمی اداروں سے اپنے تعلق کو یاد کرتے ہوئے بالخصوص/12



نیشنل ہائی وے پر مسافروں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے

رام بن میں مسافر گاڑیوں اور مال بردار گاڑیوں کیلئے یک طرفہ ٹریفک نظام

رام بن/ جے کے این ایس/ رام بن کے ضلع مجسٹریٹ محمد الیاس خان نے سری نگر جموں قومی شاہراہ پر واقع اس قصبے میں ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے اور عوام کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے کمرشل مسافر گاڑیوں اور مال بردار گاڑیوں کے لیے یک طرفہ ٹریفک نظام نافذ کر دیا ہے۔ جے کے این ایس کے مطابق جمعرات کو جاری کیے گئے حکم نامے کے مطابق رام بن قصبے میں داخل ہونے اور قصبہ سے باہر جانے والی تمام مال بردار گاڑیوں اور کمرشل مسافر گاڑیوں بشمول جن میں سومو، بسیں، منی بسیں اور ایکو گاڑیوں کو یک طرفہ ٹریفک روٹ پر چلنا ہوگا۔ یہ گاڑیاں شان بائی پاس تا کہ سے قصبے میں داخل ہوں گی اور وہاں سے///10

لداخ میں دنیا کا سب سے اونچا ریلوے اسٹیشن بنانے کا منصوبہ

بھارت چین کا ریکارڈ توڑنے کی تیاری میں، 1.31 لاکھ کروڑ روپے خرچ ہوں گے

سرینگر/ ٹی ای این/ بھارت لداخ کو ریلوے نیٹ ورک سے جوڑنے کے لیے ایک بڑے منصوبے پر کام کر رہا ہے، جس کے تحت دنیا کی سب سے اونچی ریلوے لائن اور ریلوے اسٹیشن قائم کرنے کی تجویز ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ منصوبہ سوئٹزرلینڈ سے متاثر ہوتے ہوئے لیہ تک تخمینہ 489 کلومیٹر طویل ریلوے لائن پر تقریباً 1.31 لاکھ کروڑ روپے خرچ ہونے کا تخمینہ ہے۔ اس منصوبے کی سب سے خاص بات لداخ میں تنگ لانگ لاک کے پہاڑی درّے کے نیچے تقریباً 17,244 فٹ (5,256 میٹر) کی بلندی پر ریلوے اسٹیشن تعمیر کرنے کی تجویز ہے۔ اگر یہ منصوبہ مکمل ہوتا ہے تو یہ دنیا کا سب سے اونچا ریلوے اسٹیشن ہوگا اور چین کے موجودہ ریکارڈ کو پیچھے چھوڑ دے گا۔ اس وقت چین کا سنگولا ریلوے اسٹیشن تقریباً 5,068 میٹر کی بلندی پر واقع ہے۔/11

علی محمد ساگر نے محکمہ قانون، اِنصاف اور پارلیمانی اُمور کے کام کاج کا جائزہ لیا

شفافیت، جوابدہی، موثر مقدمات کی اِنتظام کاری اور عوام دوست خدمات پر زور دِیا



جموں/ 05/نومبر// وزیر برائے قانون، انصاف و پارلیمانی امور، ریونیو، پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، ڈیزاسٹر مینجمنٹ، ریلیف، ری ہیبلی ٹیشن و ری کنسٹرکشن اور الیکشن محکمہ جات علی محمد ساگر نے آج سول سیکرٹریٹ جموں میں محکمہ قانون، انصاف و پارلیمانی امور کا ایک جامع جائزہ میٹنگ منعقد کی جس میں محکمے کی مجموعی کارکردگی، انتظامی امور، جاری اقدامات اور مختلف اہم شعبوں میں حاصل شدہ پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں کمشنر سیکرٹری قانون اپیل سیشی، سپیشل سیکرٹری قانون، ڈائریکٹر فائنانس محکمہ قانون، ڈائریکٹر لیگل کیشن اور محکمے کے دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ میٹنگ کے شروعات میں کمشنر سیکرٹری قانون نے وزیر موصوف کو محکمہ کی مجموعی کارکردگی، اس کے انتظامی ڈھانچے اور ادارہ جاتی ذمہ داریوں کے بارے میں جانکاری دی۔ اس موقعہ پر ہائی کورٹ اور ماتحت عدلیہ کی منظور شدہ تعداد، ایڈوکیٹ جنرل آفس کی منظور شدہ تعداد اور سپریم کورٹ میں یونین میریٹری کی نمائندگی کرنے والے 'وکلا' کی تعیناتی اور کام کے طریقہ کار پر ایک تفصیلی پریزنٹیشن دی گئی۔ میٹنگ میں موجودہ نظام انتظام مقدمات، مقدمہ جاتی پالیسیوں کی نگرانی، عدالتی مقدمات کی موثر طریقے سے نمٹانے اور عدالتی احکامات کی تعمیل پر بھی تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ وزیر موصوف نے محکمہ سے متعلق مقدمات کی نگرانی کے لئے موجود طریقہ کار کا۔۔۔/109

خصوصی پوزیشن کی بحالی ہمارا سیاسی، آئینی اور عوامی عہد

گمراہ کن بیانات سے عوام کو دھوکہ نہیں دیا جاسکتا/ چودھری محمد رمضان



سرینگر// نیشنل کانفرنس ایک سیاسی جماعت ہی نہیں بلکہ جموں وکشمیر کی ایک مضبوط عوامی تحریک، عوامی احساسات و جذبات کی ترجمان اور ناقابل تسخیر سیاسی قوت ہے، جو اپنی طویل تاریخ میں بڑے بڑے طوفانوں، سازشوں، سیاسی انتقام اور سخت ترین چیلنجوں کا مردانہ وار مقابلہ کرتے ہوئے آج بھی چٹان کی طرح قائم و دائم ہے۔ اس جماعت نے جموں وکشمیر کے عوام کے حقوق، شناخت، وقار اور آئینی تشخص کے تحفظ کیلئے بے شمار مالی اور جانی قربانیاں دی ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ نیشنل کانفرنس نے کبھی بھی اپنے اصولی موقف، عوامی مفادات اور تاریخی ذمہ داریوں پر سمجھوتہ نہیں کیا اور نہ ہی آئندہ ایسا کرے گی۔ ان باتوں کا اظہار نیشنل کانفرنس کے چودھری محمد رمضان نے آج پارٹی ہیڈکوارٹر پر ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس کی خصوصی پوزیشن کی بحالی کی جدوجہد پر سوال اُٹھانے والے عناصر دانستہ طور پر عوام کو گمراہ کرنے کے مذموم ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں۔ ان عناصر کو یہ حقیقت ذہن نشین کرلینی چاہئے کہ 5 اگست 2019 کے غیر آئینی اور یکطرفہ فیصلوں کے خلاف نیشنل کانفرنس نے ہر۔۔۔/106

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے مختلف وفود کی ملاقات

سماجی وثقافتی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال



جموں وکشمیر ابھیان' کی یوتھ ایمبیسیڈر مہر انڈن نے کام کیا ہے۔ اس موقعہ پر فلم کی مصنفہ وہدایت کارہ نڈن اور پروڈیوسر سیت نڈن بھی موجود تھے۔ ادھر جموں توی آرتی نیم کے ایک وفد جس کی قیادت صدر وشو ہندو پریشد (جموں وکشمیر ولداخ) راجیش گپتا کررہے تھے، نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی اور انہیں جموں خطے میں اپنے جاری سماجی، ثقافتی اور مذہبی اقدامات سے آگاہ کیا۔ وفد میں کنوینر ایل ای اے ڈی۔لداخ، جموں وکشمیر اکنامک گروتھ اینڈ ڈیولپمنٹ ڈائیلاگ ہریندر گپتا، ہردیہ دیپ آشرم کے پیٹھادھیشور سوامی ہردیانند گیری جی مہاراج۔۔۔/102

جموں/ 05/نومبر// منشیات کے بدعت کے خلاف بیداری پیدا کرنے والی مختصر فلم' ایک غلط قدم' کی نیم نے آج لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی اور انہیں اپنی فلم کے پریمیر میں شرکت کی دعوت دی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اس اقدام کو سراہا اور نیم کو اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس مختصر فلم میں' نشہ مکت

ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور عمر عبداللہ نے احسان پردیسی کی ڈھارس بندھائی

سرینگر// صدر جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پارٹی کے سینئر لیڈر اور سابق ایم ایل اے مرحوم شیخ غلام قادر پردیسی کے گھر واقع شیوپورہ سرینگر جاکر وہاں اُن کے اہل خانہ اور سوگوار خاندان کیساتھ تعزیت کی اور ڈھارس بندھائی۔ انہوں نے خاص طور پر پارٹی کے نائب صدر صوبہ وایم ایل اے لالچوک احسان پردیسی کیساتھ بھی تعزیت اور شریک غم ہونے کا اظہار کیا۔ اس موقعے پر دونوں رہنماؤں نے مرحوم کے حق میں فاتحہ خوانی کی اور انہیں شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اُن کی اعلیٰ خوبیوں، عوامی خدمات، جماعت کے تئیں وابستگی اور جموں وکشمیر کے عوام کیلئے اُن کی گراں قدر خدمات کو یاد کیا۔ انہوں نے سوگوار خاندان کے ساتھ دلی۔۔۔/103

کلچرل اکیڈیمی کی جانب سے معروف ادیب

محمد احسن احسن کی ادبی وتنظیمی خدمات پر خصوصی تقریب



سوناواری/ 5 نومبر/جمیل انصاری/ جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز کی جانب سے حاجن، سوناواری میں وادی کے معروف ادیب، شاعر، فنکار اور ممتاز انجمن ساز محمد احسن احسن کی شخصیت، ادبی خدمات اور کشمیری زبان و ادب کے فروغ میں ان کے گراں قدر کردار کو اجاگر کرنے کے لیے ایک خصوصی ادبی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں وادی کے نامور ادیبوں، دانشوروں، فنکاروں، صحافیوں اور محققین نے شرکت کی اور محمد احسن احسن کی ہمہ جہت شخصیت اور کشمیری ادب کے لیے ان کی گراں قدر خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ تقریب کے آغاز میں جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز کے ایڈیٹر کشمیری جاوید اقبال خان نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ اپنے استقبالیہ خطبے میں انہوں نے تقریب میں موجود مہمانوں، دانشوروں،۔۔۔/105

'جمہوریت بچاؤ، انتشار ہٹاؤ' مہم سے متعلق بی جے پی کا جائزہ اجلاس

انڈیا اتحاد کو بے نقاب کرنے کیلئے بڑے پیمانے پر عوامی رابطہ مہم پر زور



جموں، 5 نومبر// کانگریس اور اس کے انڈیا اتحاد کے شراکت داروں پر سیاسی عدم استحکام پیدا کرنے، عوام کو گمراہ کرنے اور بے بنیاد پروپیگنڈے کے ذریعے جمہوری اداروں کو کمزور کرنے کی دانستہ کوششوں کا الزام عائد کرتے ہوئے جموں وکشمیر بی جے پی کے صدر اور راجیہ سبھا رکن پارلیمنٹ ست شرما (سی اے) نے کہا کہ بی جے پی نے اپوزیشن کی تقسیم کرنے والی سیاست کو بے نقاب کرنے اور حقیقت کو براہ راست عوام تک پہنچانے کے لیے ایک جارحانہ اور مسلسل عوامی رابطہ مہم شروع کی ہے۔ بی جے پی ہیڈکوارٹر تریکوٹہ نگر میں منعقدہ تنظیمی جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ست شرما نے کہا کہ پارٹی نے اپنی 'جمہوریت بچاؤ، انتشار ہٹاؤ' مہم کے تحت ایک وسیع پروگرام کو حتمی شکل دی ہے، جس۔۔۔/104

شوپیان میں قبائلی کسانوں کے لیے تربیتی پروگرام کا انعقاد

شوپیان، 5 نومبر//// آکرشی وگیان کیندر (کے وی کے) شوپیان کی جانب سے ریجنل فوڈر اسٹیشن ملہامہ، آئی سی اے آر انڈین گراس لینڈ اینڈ فوڈر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ اور محکمہ سوشل فارسٹری کے اشتراک سے قبائلی کسانوں کے لیے ایک روزہ تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام میں ضلع شوپیان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے 40 سے زائد قبائلی کسانوں نے شرکت کی۔ پروگرام کا مقصد کسانوں کو موسم سرما کے دوران مویشیوں کی سائنسی بنیادوں پر دیکھ بھال، چارے کی پیداوار، بیجوں کی کٹائی اور بوائی کے طریقوں کے علاوہ جنگلات کے تحفظ سے متعلق بیداری فراہم کرنا تھا۔ کے وی کے شوپیان کے سربراہ ڈاکٹر میر شبیر احمد نے کسانوں کو ادارے کے کردار۔۔۔/107

جاوید رانا نے سانبہ میں 7 کروڑ روپے کی لاگت سے گرلز ہوسٹل کے قیام کا اعلان کیا



سانبہ/ 05/نومبر// وزیر برائے قبائلی امور، خوراک، شہری رسدات و امور صارفین اور ٹرانسپورٹ محکمہ جات جاوید احمد رانا نے آج سانبہ میں 7 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے لڑکیوں کے ہوسٹل کی تعمیر کا اعلان کیا۔ اس اقدام کا مقصد تعلیمی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانا اور قبائلی طالبات کو بہتر رہائشی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ یہ اعلان یکم سے 15 نومبر تک جموں وکشمیر بھر میں منائے جارہے "جن جاتیہ گورو پکھواڑا" کے سلسلے میں سانبہ میں قبائلی کمیونٹیوں کے اراکین کے ساتھ ایک تفصیلی بات چیت کے دوران کیا گیا۔ اس موقعہ پر وزیر موصوف نے رہائش، تعلیم، وظائف، صحت سہولیات، سڑکوں کے رابطے، پینے کے پانی، بجلی اور روزگار کے مواقع سے متعلق مختلف مطالبات اور شکایات سنیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ اُٹھائے گئے مسائل کا جائزہ لیں اور ایک مقررہ مدت کے اندر ان کے حل کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "جن جاتیہ گورو پکھواڑہ" صرف قبائلی کمیونٹیوں کی شاندار ثقافتی میراث اور ان کی خدمات کا جشن منانے کا موقعہ نہیں ہے بلکہ یہ نچلی سطح پر فلاحی اور ترقیاتی سکیموں کی فراہمی کو مضبوط بنانے کا موقع بھی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہے کہ ترقیاتی فوائد ہر مستحق قبائلی گھرانے تک بالخصوص دُور دراز، دُشوار گزار اور پسماندہ علاقوں میں۔۔۔/108

کمشنر سیکریٹری ایف سی ایس اینڈ سی اے نے محکمے کی کارکردگی کا جائزہ لیا

سرمائی ذخیرہ اندوزی مقررہ مدت میں مکمل کرنے اور پی بی ڈی سی منصوبے پر تیزی سے عمل درآمد کرنے پر زور



سرینگر، 5 نومبر//// کمشنر سیکریٹری محکمہ خوراک، شہری رسد اور امور صارفین (ایف سی ایس اینڈ سی اے) سورب بھگت نے آج ایک آن لائن جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جموں وکشمیر میں محکمہ کی مختلف سرگرمیوں اور اقدامات پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل ایف سی ایس اینڈ سی اے جموں راجیش کمار شاون، فوڈ کارپوریشن آف انڈیا (ایف سی آئی) کے جنرل منیجر، ڈائریکٹر آئی ٹی سنجے گپتا، تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں اور اسسٹنٹ ڈائریکٹروں نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل ایف سی ایس اینڈ سی اے جموں نے متعلقہ اضلاع کے اسسٹنٹ ڈائریکٹروں کے ہمراہ محکمہ کی سرگرمیوں کی تازہ ترین صورتحال پر نکات وار تفصیلی پریزنٹیشن پیش کی۔ اس میں غذائی اجناس کی اٹھان اور تقسیم، چھ ماہ اور تین ماہ کی ضروریات کے مطابق سرمائی ذخیرہ اندوزی، آدھار پر مبنی ای-کے وائی سی، چہرے کی شناخت کے ذریعے تصدیق، سی پی ڈی سی منصوبے پر عمل درآمد اور دیگر ترجیحی امور شامل تھے۔ اجلاس کے دوران کمشنر سیکریٹری نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ خراب موسمی حالات شروع ہونے سے قبل غذائی اجناس کی اٹھان اور تقسیم کے عمل کو تیز رفتاری سے مکمل کیا جائے۔ انہوں نے آنے والی سردیوں اور خراب موسم کے باعث نمکنہ رکاوٹوں کے پیش نظر اس عمل کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ چھ ماہ۔۔۔/101

اسلامک ریلیف اینڈ ریسرچ ٹرسٹ کشمیر کا ریاستی حج کمیٹی میں

مسلم تنظیموں کو منصفانہ نمائندگی دینے کا مطالبہ



سرینگر، 5 نومبر// اسلامک ریلیف اینڈ ریسرچ ٹرسٹ کشمیر (IRRT) نے جموں وکشمیر حکومت پر زور دیا ہے کہ ریاستی حج کمیٹی کی تشکیل میں مسلم مذہبی، سماجی اور رضاکار تنظیموں کو مناسب، منصفانہ اور مساوی نمائندگی فراہم کی جائے۔ وزیر اعلیٰ جموں وکشمیر کو پیش کی گئی ایک تحریری یادداشت میں ٹرسٹ نے ریاستی حج کمیٹی کی تشکیل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس اہم ادارے میں مسلم برادری کے مختلف اداروں اور رضاکار تنظیموں کو ان کے جائز حق کے مطابق نمائندگی نہیں دی گئی ہے۔ ٹرسٹ کے چیئرمین ایڈوکیٹ عبدالرشید بنجورہ نے کہا کہ لیفٹیننٹ گورنر کی جانب سے حال ہی میں تشکیل دی گئی ریاستی حج کمیٹی ہاوی الظہر میں متعلقہ ایکٹ کی دفعات کے منافی ہے، کیونکہ اس میں مسلم علمائے دین اور مذہبی علوم کے تین ماہرین، مسلم رضاکار تنظیموں کے نمائندوں اور مقامی بلدیاتی اداروں کے تین ارکان کو شامل نہیں کیا گیا ہے، جیسا کہ مرکزی حج کمیٹی ایکٹ میں مقررہ نمائندگی کا تقاضا کیا گیا ہے۔ ان کے مطابق ریاستی حج کمیٹی کے لیے نامزد کیے جانے والے 14 ارکان میں سے صرف پانچ ارکان کو نامزد کیا گیا ہے۔ ٹرسٹ نے نشاندہی کی ہے کہ حج کمیٹی سے متعلقہ قانونی دفعات کے تحت مختلف طبقوں اور اداروں کی نمائندگی کا تصور موجود ہے، جن میں ممبران پارلیمنٹ، قانون ساز اداروں کے ارکان، مسلم مذہبی وتعلیمی ادارے،۔۔۔/112

ڈی سی بانڈی پورہ نے سڑکوں، پشتوں اور اندرونِ آبی نقل وحمل کے منصوبوں کا معائنہ کیا

بانڈی پورہ، 5 نومبر//// ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے آج ضلع کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کرکے سڑکوں، دریائی پشتوں اور اندرون آبی نقل و حمل (آئی ڈبلیو ٹی) کے بنیادی ڈھانچے سے متعلق جاری منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ چنڈ بونی، حاجن میں ڈپٹی کمشنر نے دریائے جہلم کے بائیں کنارے پر حاجن پل کے بالائی حصے میں پائل کیپ کے اوپر حفاظتی دیوار کی جاری تعمیر کا معائنہ کیا۔ انہوں نے تعمیراتی ایجنسی کو کام کی رفتار برقرار رکھنے اور تعمیراتی معیار کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے چنڈ بونی سڑک کی ضروری مرمت کو بھی ترجیحی بنیادوں پر انجام دینے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے چکی چندر گیر میں دریائے جہلم کے دائیں کنارے پر 114.750 کلومیٹر کے مقام پر تباہ شدہ پشتے کی بحالی کے کام کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ ایجنسی کو باقی ماندہ کام تیزی سے مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے زور دیا کہ کام کی رفتار بڑھانے اور تاخیر کو کم سے کم کرنے کے لیے جہاں ضرورت ہو، وہاں رات گئے تک تعمیراتی سرگرمیاں جاری رکھی جائیں۔ ڈی سی نے چیک چندر گیر میں متبادل سڑک کی بہتری کے لیے جاری کام کا معائنہ کیا اور ٹریفک کی آمدورفت کو منظم کرنے کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت دی کہ تعمیراتی کام کے دوران حفاظتی اقدامات اور بلا تعطل کام کو یقینی بنانے کے لیے اس سڑک کے۔۔۔/111

جاوید ڈار نے سیلور فیع آباد میں 'سپر بازار' کی تعمیراتی جگہ کا معائنہ کیا



بارھمولہ/ 05/نومبر// وزیر برائے زرعی پیداوار، فائنانس، کان کنی اور اِداراتی محکمہ جات جاوید احمد ڈار نے آج حلقہ رفیع آباد کے سی ایم ایس سیلو میں زیر تعمیر سپر بازار کا دورہ کیا اور تعمیراتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران اور تعمیراتی ایجنسی کے نمائندوں کے ساتھ بات چیت کرکے کام کی رفتار اور تعمیراتی معیار کا جائزہ لیا۔ یہ 'سپر بازار' منصوبہ پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ (پی ڈبلیو ڈی) کے 'روڈز اینڈ بلڈنگز' (آر اینڈ بی) ڈویژن سوپور کی جانب سے 'کمپلیکس بجٹ' 27-2026 کے تحت مکمل کیا جارہا ہے جس کی تخمینہ لاگت 196.77 لاکھ روپے ہے۔ مجوزہ دو منزلہ عمارت جو 2,233 مربع فٹ کے رقبے پر محیط ہوگی۔۔۔/110

شوپیاں میں پہلی بار 'جشنِ ہاروُد' کے انعقاد کی تیاریاں زور وشور سے جاری

شوپیاں، 5 نومبر//// ضلع انتظامیہ شوپیاں پہلی مرتبہ جشنِ ہاروُد کے انعقاد کے لیے تیاریاں کررہی ہے۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر شوپیاں چرندیپ سنگھ نے آج بدپورہ اسپورٹس اسٹیڈیم کا دورہ کرکے 7 نومبر 2026 کو منعقد ہونے والے اس منفرد ثقافتی میلے کے انتظامات اور تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مختلف انتظامی اور بنیادی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے میلے کے کامیاب اور خوش اسلوبی سے انعقاد کے لیے کی جانے والی تیاریوں کا معائنہ کیا۔ اس میلے کا مقصد مقامی صلاحیتوں، فنون، ثقافت اور تخلیقی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ مقامی فنکاروں اور باصلاحیت افراد کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ اس موقع پر اسٹالوں کی تنصیب اور دیگر ضروری انتظامات کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، تاکہ عوام کی بھرپور شرکت اور میلے میں ان کی فعال شمولیت کو یقینی بنایا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر نے میلے کو کامیاب بنانے کے لیے عوامی شرکت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے تمام متعلقہ محکموں کے درمیان قریبی تال میل اور باہمی تعاون برقرار رکھنے کی ہدایت دی۔

وائس چیئرمین جے کے ایل سی ایم اے نے ڈل جھیل میں جاری کاموں کا جائزہ لیا

ڈل جھیل کی صفائی، خوبصورتی اور تحفظ کو یقینی بنانے پر زور



سرینگر، 5 نومبر//// جموں وکشمیر لیک کنزرویشن اینڈ مینجمنٹ اتھارٹی (جے کے ایل سی ایم اے) کے وائس چیئرمین خورشید احمد شاہ نے ڈل جھیل میں جاری سرگرمیوں اور زمینی سطح پر انجام دیے جارہے کاموں کا جائزہ لینے کے لیے آج جھیل کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے ڈاک یارڈ، نشاط سے حضرت بل تک کے علاقے کا معائنہ کیا، جس میں بود ڈل اور دیگر اہم مقامات بھی شامل تھے۔ دورے کے دوران اتھارٹی کے سینئر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے، جنہوں نے مختلف مقامات پر جاری ترقیاتی کاموں اور زمینی سطح پر انجام دی جانے والی سرگرمیوں کی تازہ ترین صورتحال سے انہیں آگاہ کیا۔ وائس چیئرمین نے دورے کے دوران مختلف مقامات کا معائنہ کرکے جاری کاموں کی صورتحال اور اتھارٹی کی جانب سے انجام دی جانے والی سرگرمیوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے وضو کے تالاب کا بھی دورہ کیا اور اس کی حالت، دیکھ بھال اور مجموعی انتظامات کا معائنہ کیا۔ مختلف مقامات پر انہوں نے متعلقہ افسران اور فیلڈ عملے سے بات چیت کی، جاری کاموں کے بارے میں تازہ ترین معلومات حاصل کیں اور ان انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا جن پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ اس دورے کے ذریعے زمینی سطح پر کیے جانے والے اقدامات کی افادیت کا جائزہ لینے اور مزید بہتری کے تقاضے۔۔۔/113

PUBLIC NOTICE

I, Mubarak Ali Chopan S/o Mohd. Shaban Chopan R/o Nowpachi Marwah Kishtwar, do hereby inform the general public that my name are recorded as Mubarak Ali, in my J&K Bank Branch Unit: Amira-Kadal Srinagar) Account No: 0002044400000110.However, my correct name is Mubarak Ali Chopan,. I am initiating the correction process in the bank records to update my name from Mubarak Ali to Mubarak Ali Chopan. If anyone has any objection to this correction, they may submit their objection in writing to the Manager, J&K Bank, Branch Unit Amira-Kadal Srinagar, within 7days from the date of publication of this notice.

Mubarak Ali Chopan S/o Mohd. Shaban Chopan R/o Nowpachi Marwah Kishtwar

PUBLIC NOTICE

It is notified for general information that my name has been recorded incorrectly in my service records as Gh. Hassan Ganie, S/o Mohd Ramzan Ganie, R / o Hari Parigam, Tehsil Awantipora, District Pulwama.The correct name of myself and my father is Gulam Hassan Ganai S/o Mohmad Ramzan Ganai R/o Hari Parigam, Tehsil Awantipora, District Pulwama .AR.P. No: 915499 Unit: J.K.A.P. 12th Security Battalion, Humhama Contact: 9149618598 Objection, if any, may be conveyed to the concerned authority within 7 days from the publication of this notice.

Gulam Hassan Ganai S/o Mohmad Ramzan Ganai R/o Hari Parigam. Tehsil Awantipora

سرینگر ٹائمز
06نومبر2026ء بروز جمعہ

گرم سیاست میں افواہوں کا تیز بخار ذمہ دار کون، علاج کیا

سوشل میڈیا پر غیر مصدقہ خبروں کا سلسلہ تب سے شروع ہوا ہے جب سے یہ پلیٹ فارم دستیاب ہوا ہے۔ لیکن کبھی کبھی افواہوں اور قیاس آرائیوں کا گویا موسم ہی شروع ہوجاتا ہے۔ وادی کشمیر میں پچھلے ایک ماہ سے بے بنیاد گمراہ کن اور من گھڑت خبروں کا پھیلاؤ وسیع ہورہا ہے۔ اس دوران اگر حقیقت افروز خبریں بھی گشت کرنے لگتی ہیں تو ان پر بھی اعتماد کرنے سے پہلے دس بار سوچنا پڑتا ہے۔ اس افراتفری کے عالم میں اکثر لوگ اُلجھن کا شکار ہوتے یا بھٹک جاتے ہیں۔ زیادہ دیر نہیں ہوئی کہ جب جموں وکشمیر سرکار کی وزارتی کونسل میں چار نئے وزیروں کو شامل کیا گیا مگر ان کی شمولیت کے کچھ ہی گھنٹوں کے بعد یہ معاملہ اس وقت زبردست ہلچل کا باعث بن گیا کہ جب رولنگ نیشنل کانفرنس کے ہی دو تین ممبران اسمبلی نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور پارٹی کی لیڈر شپ کے انتخاب کو غیر تسلی بخش قرار دیا۔ ان کی اس رنجش کو سوشل میڈیا پر کافی عروج تک پہنچایا گیا۔ چند گھنٹوں میں اطلاعات پر اطلاعات کے پہاڑ کھڑا ہوگئے۔ ایک ایسی ہوا چلی کہ محسوس ہوا کہ سیاسی حلقوں میں بھونچال آیا ہے اور نہ جانے کس کس سیاسی لیڈر کو تنکوں کی طرح ہوا میں بکھیر کے رکھ دے گا۔ ٹی وی اور سوشل میڈیا کے ذریعہ بخار لمحہ بہ لمحہ تیز سے تیز ہوگیا۔ اس دوران جب نیشنل کانفرنس کے 17 ممبران کی طرف سے ایک خفیہ میٹنگ کے انعقاد کی اطلاع مل گئی تو سوشل میڈیا زبردست متحرک ہوگیا اور سیاسی گلی کوچے حرارت سے بھرپور محسوس ہونے لگے۔ اس دوران دعویٰ کیا گیا کہ نیشنل کانفرنس میں ناراضگی انتہا تک پہنچ گئی ہے اور اندر ہی اندر بغاوت کے شعلے لپکنے لگے ہیں۔ کئی تبصروں میں یہ تک کہا گیا کہ نئے وزیر اعلیٰ کا بھی انتخاب ہوا ہے اور نیشنل کانفرنس کی سرکار تاش کے پتوں کی طرح گر جائے گی۔ ناراض گروپ یا ''باغی'' ممبران میں سے کسی نے بھی یہ نہیں کہا کہ پارٹی کو میمورنڈم دیا گیا ہے۔ اوران کی شرائط کو منظور یا نامنظور کرنے کیلئے دو ہفتوں کا الٹی میٹم دیا گیا مگر میڈیا کے کچھ حلقوں نے میمورنڈم میں شامل مطالبات کا ذکر بھی کیا اور شرائط بھی ظاہر کردئے۔ اس دوران بہت ساری خبریں بھی گشت کرنے لگیں جو بظاہر سنسنی خیز تھیں مگر جلد ہی ٹھنڈی بھی ہوگئیں۔ تازہ ترین خبر اسوقت مل گئی کہ جب بتایا گیا کہ آغا روح اللہ اور انجینئر رشید کے ساتھ ساتھ غلام نبی آزاد آپس میں مل کر نئی جماعت تشکیل دے رہے ہیں۔ یہ خبر کسی اور نے نہیں بلکہ خود ڈپٹی چیف منسٹر سریندر چودھری نے کھلے عام اور سربازار میڈیا کے سامنے سنائی۔ ایک دن کے بعد غلام نبی آزاد بھی نے سے صاف انکار کرتے ہوئے کہا کہ اس سلسلہ میں نہ تو انہوں نے کسی سے بات کی نہ کسی نے ان سے کوئی رابطہ قائم کیا۔ آپ نے کہا کہ سوشل میڈیا پر اس طرح کی خبریں عموماً نشر ہوتی ہیں اور اس معاملہ کا تشویشناک پہلو یہ ہے کہ بغیر تصدیق خبریں سنائی اور پھیلائی جاتی ہیں۔

غلام نبی آزاد کے ان خیالات سے اکثر لوگ اتفاق کرسکتے ہیں مگر ان کے بارے میں جس خبر کا چرچہ ہوا وہ نیشنل کانفرنس کی وزارت میں شامل سریندر چودھری نے کیا جو ڈپٹی چیف منسٹر کے عہدے پر ہیں۔ انہوں نے غلام نبی آزاد، انجینئر رشید اور آزاد کے درمیان کسی نئی پارٹی کے ممکنہ قیام کا انکشاف کس بنیاد پر کیا یہ تحقیقات طلب ہے۔ اگر انہیں پورا یقین ہے کہ ان کی بات صحیح ہے تو غلام نبی آزاد نے تردید کیوں کی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کہ دو میں ایک غلط بیانی سے کام لے رہا ہے۔ لیکن بال ڈپٹی چیف منسٹر سریندر چودھری کے پالے میں ہے انہیں بتانا ہوگا کہ ان نئے تین چہروں کے اتحاد کی اطلاع انہیں کس نے دی ہے۔

سائبر دھوکہ دہی سے محفوظ رہنے کیلئے پانچ حفاظتی تجاویز

تہواروں کے موسم میں آن لائن خریداری اور ڈیجیٹل ادائیگیوں کے بڑھتے ہوئے رجحان کے پیش نظر نیشنل سکیورٹی کارپوریشن آف انڈیا (این پی سی آئی) نے صارفین کو سائبر دھوکہ دہی سے محفوظ رہنے کیلئے پانچ اہم حفاظتی تجاویز جاری کی ہیں۔ ادارے نے صارفین پر زور دیا ہے کہ وہ خریداری اور ڈیجیٹل لین دین کے دوران احتیاط برتیں اور کسی بھی غیر معمولی پیشکش یا مشکوک پیغام پر فوری اظہار کرنے سے گریز کریں۔ نیشنل نیوز بیورو (این این بی) کے مطابق این پی سی آئی کے مطابق تہواروں کا موسم خوشیوں، تحائف کے تبادلے اور خریداری کی سرگرمیوں میں اضافے کا موقع ہوتا ہے۔ اس دوران آن لائن اور آف لائن بازاروں میں صارفین کو راغب کرنے کے لیے خصوصی رعایتیں، محدود مدت کی سیل اور کیش بیک کی پرکشش پیشکشیں کی جاتی ہیں۔ ان آفرز سے فائدہ اٹھانے کی خواہش میں اکثر صارفین جلد بازی میں فیصلے کرتے ہیں، جس کا سائبر جرائم پیشہ افراد نے بھی دھوکہ دہی کے نت نئے طریقے اختیار کرلیے ہیں۔ سوشل انجینئرنگ سمیت مختلف حربوں کے ذریعے صارفین کی ذاتی معلومات، بینک کھاتوں کی تفصیلات اور رقم تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ ایسے میں ضروری ہے کہ صارفین ڈیجیٹل ادائیگیوں کے دوران بنیادی حفاظتی اصولوں پر سختی سے عمل کریں۔ این پی سی آئی نے صارفین کو مشورہ دیا ہے کہ وہ خریداری کے لیے صرف مستند موبائل ایپس اور ویب سائٹس کا استعمال کریں۔ سائبر جرائم ساز اکثر معروف کمپنیوں کی اصل ویب سائٹس سے ملتی جلتی جعلی ویب سائٹس اور لنکس تیار کرتے ہیں تاکہ صارفین کو دھوکہ دے کر ان کی ذاتی اور مالی معلومات حاصل کی جاسکیں۔ صارفین کو چاہیے کہ وہ ویب سائٹ کا پتہ خود ٹائپ کرکے کھولیں یا متعلقہ کمپنی کی مستند ایپ کے ذریعے خریداری کریں۔ نامعلوم ذرائع سے موصول ہونے والے لنکس پر کلک کرنے اور غیر مصدقہ فائلیں ڈاؤن لوڈ کرنے سے گریز کیا جائے۔ بالخصوص تہواروں کی خصوصی پیشکشوں، انعامات اور مبارک باد کے کارڈز کے نام پر بھیجے جانے والے مشکوک پیغامات سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے، کیونکہ ان میں نقصان دہ سافٹ ویئر یا جعلی ویب سائٹس کے لنکس موجود ہوسکتے ہیں۔ دوسری اہم تجویز میں صارفین کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ آن لائن خریداری کے دوران تمام ادائیگیاں متعلقہ شاپنگ ایپ یا ویب سائٹ کے مستند پیمنٹ آؤٹ پیج کے ذریعے ہی مکمل کریں۔ ادارے کے مطابق بعض جعل ساز صارفین کو خریداری کے پلیٹ فارم سے باہر کسی دوسرے یو پی آئی ڈی یا ادائیگی کے لنک کے ذریعے رقم منتقل کرنے پر آمادہ کرتے ہیں تاکہ متعلقہ پلیٹ فارم کے حفاظتی نظام سے بچ سکیں۔ اس لیے کسی بھی صورت میں غیر متعلقہ ادائیگی کے لنکس کے ذریعے رقم منتقل نہ کریں۔ ادائیگی سے قبل فروخت کنندہ کی تفصیلات اور اس کی صداقت کی مکمل جانچ بھی ضروری ہے۔ این پی سی آئی نے مفت وا وچرز، کیش بیک اور تہواروں کے خصوصی تحائف کے نام پر موصول ہونے والے پیغامات سے بھی محتاط رہنے کی اپیل کی ہے۔ سائبر جعل ساز اکثر یہ کہہ کر صارفین میں خوف پیدا کرتے ہیں کہ کوئی خصوصی پیشکش چند لمحوں میں ختم ہوجائے گی یا فوری کارروائی نہ کرنے پر ان کا بینک اکاؤنٹ بلاک کردیا جائے گا۔ این پی سی آئی کے مطابق مستند اور قابل اعتماد ادارے صارفین کو خوفزدہ کرکے یا غیر ضروری عجلت پیدا کرکے فیصلے کرنے پر مجبور نہیں کرتے۔ اس لیے ایسے پیغامات یا دھمکیوں پر فوری ردعمل ظاہر کرنے کے بجائے کچھ دیر رک کر ان کی حقیقت جانچیں اور کسی بھی قسم کی کارروائی سے قبل متعلقہ ادارے کی سرکاری ویب سائٹ، مستند ایپ یا کسٹمر سپورٹ کے ذریعے تصدیق کریں۔ این پی سی آئی نے محفوظ ڈیجیٹل لین دین کے لیے صارفین کو ''رکیں، سوچیں اور عمل کریں'' کے اصول پر عمل کرنے کی تلقین کی ہے۔ ادارے کے مطابق کسی بھی غیر متوقع پیغام، درخواست یا ادائیگی کے مطالبے پر فوری ردعمل ظاہر کرنے کے بجائے پہلے رکیں، اس کے بعد موصول ہونے والی معلومات اور درخواست کی صداقت کی جانچ کریں اور مکمل اطمینان کے بعد ہی کوئی قدم اٹھائیں۔ ادارے نے کہا ہے کہ اس سادہ مگر اہم اصول کو اپنانے سے صارفین نہ صرف اپنے مالی لین دین کو محفوظ بنا سکتے ہیں بلکہ اپنی ذاتی اور حساس معلومات کو بھی سائبر جعل سازوں کی دسترس سے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ تہواروں کی خوشیوں کے دوران تھوڑی سی احتیاط اور مناسب آگاہی بڑے مالی نقصان سے بچانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔



کرایہ داری سے متعلق تنازعات اور ان کا حل

یو این ایس/ جموں وکشمیر حکومت نے یونین ٹیریٹری کے تمام 20 اضلاع میں رینٹ اتھارٹیز اور رینٹ کورٹس مقرر کرنے کا باضابطہ حکم جاری کیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد کرایہ داری سے متعلق معاملات اور تنازعات کو حل کرنے کے لیے ضلعی اور سب ڈویژن سطح پر ایک منظم نظام قائم کرنا ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ نے 4 نومبر کو حکومتی حکم نامہ نمبر 227-JK(HUD) آف 2026 جاری کیا، جو جموں و کشمیر ٹینسی ایکٹ 2025 کی دفعات 30 اور 33 اور جموں و کشمیر ٹینسی رولز 2026 کے تحت نافذ کیا گیا ہے۔ یہ حکم محکمہ کی کمشنر سیکرٹری مندیپ کور، آئی اے ایس کی جانب سے جاری کیا گیا۔ نئے انتظام کے تحت بیشتر اضلاع میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز کو ضلعی سطح پر رینٹ کورٹ کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں، جبکہ اسسٹنٹ کمشنرز ریونیو، سب ڈویژنل مجسٹریٹس (SDMs) اور بعض مقامات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز کو مخصوص تحصیلوں اور سب ڈویژنوں کے لیے رینٹ اتھارٹی مقرر کیا گیا ہے۔ کشمیر ڈویژن کے 10 اضلاع سری نگر، بڈگام، گاندربل، بارہمولہ، بانڈی پورہ، کپواڑہ، اسلام آباد (اننت ناگ)، کولگام، پلوامہ اور شوپیاں میں رینٹ کورٹس اور رینٹ اتھارٹیز مقرر کی گئی ہیں۔ ''سری نگر: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر-I کو ضلع سری نگر کے لیے رینٹ کورٹ مقرر کیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر ریونیو تحصیل ساؤتھ کے لیے رینٹ اتھارٹی ہوں گے، جبکہ ایس ڈی ایم ویسٹ اور ایس ڈی ایم ایسٹ کو بالترتیب تحصیل سینٹرل شالٹنگ اور پانتھا چوک/ چھانہ پورہ کا دائرہ اختیار دیا گیا ہے۔ بڈگام میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر بڈگام کو ضلع کے لیے رینٹ کورٹ مقرر کیا گیا ہے، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر ریونیو بڈگام تحصیل کی ذمہ داری سنبھالیں گے۔ ایس ڈی ایم چاڈورہ، بیروہ اور خان صاحب کو اپنی اپنی سب ڈویژنوں کے لیے رینٹ اتھارٹی نامزد کیا گیا ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو تحصیل عیدگاہ، نارتھ اور خانیار کے لیے بھی رینٹ کورٹ کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ گاندربل میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر گاندربل رینٹ کورٹ ہوں گے، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر ریونیو کو گاندربل، لار، تولہ مولہ اور واکورہ تحصیلوں کا دائرہ اختیار دیا گیا ہے۔ ایس ڈی ایم کنگن کو کنگن سب ڈویژن کے لیے رینٹ اتھارٹی مقرر کیا گیا ہے۔ بارہمولہ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر بارہمولہ رینٹ کورٹ ہوں گے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوپور کو سوپور کے لیے رینٹ اتھارٹی مقرر کیا گیا ہے، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر ریونیو ہارہمولہ سب ڈویژن کی ذمہ داری سنبھالیں گے۔ ایس ڈی ایم اوڑی، پٹن اور گھرمگ کو بھی اپنے اپنے علاقوں کے لیے رینٹ اتھارٹی نامزد کیا گیا ہے۔ بانڈی پورہ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ کو رینٹ کورٹ مقرر کیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر ریونیو بانڈی پورہ، اجس اور آلوسہ تحصیلوں کا دائرہ اختیار سنبھالیں گے، جبکہ ایس ڈی ایم سمبل اور گریز کو اپنی اپنی سب ڈویژنوں کے لیے ذمہ داری دی گئی ہے۔ کپواڑہ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کپواڑہ رینٹ کورٹ ہوں گے، جبکہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہندواڑہ کو ہندواڑہ سب ڈویژن کے لیے رینٹ اتھارٹی مقرر کیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر ریونیو کپواڑہ، درگمولہ، ترہگام، مژھل، کیرن اور کرالپورہ تحصیلوں کا دائرہ اختیار سنبھالیں گے۔ ایس ڈی ایم کرناہ اور لولاب کو بھی اپنے اپنے علاقوں کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ اسلام آباد (اننت ناگ) میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر-I کو رینٹ کورٹ مقرر کیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر ریونیو اسلام آباد (اننت ناگ)، شانگس اور اسلام آباد (اننت ناگ) ایسٹ تحصیلوں کی ذمہ داری سنبھالیں گے، جبکہ ایس ڈی ایم ڈورو، کوکرناگ، پہلگام اور بجبہاڑہ کو متعلقہ سب ڈویژنوں کے لیے رینٹ اتھارٹی نامزد کیا گیا ہے۔ ادھر کولگام میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کولگام رینٹ کورٹ ہوں گے۔ اسسٹنٹ کمشنر ریونیو کو کولگام سب ڈویژن جبکہ ایس ڈی ایم نورآباد کو نورآباد سب ڈویژن کے لیے رینٹ اتھارٹی مقرر کیا گیا ہے۔ پلوامہ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پلوامہ رینٹ کورٹ ہوں گے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز ترال اور اونتی پورہ کو بالترتیب ترال، اری پل، پامپور اور اونتی پورہ تحصیلوں کے لیے رینٹ اتھارٹی کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر ریونیو پلوامہ، راجپورہ، کاکہ پورہ اور شاہورہ لیٹر تحصیلوں کا دائرہ اختیار سنبھالیں گے۔ شوپیاں میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شوپیاں رینٹ کورٹ ہوں گے۔ اسسٹنٹ کمشنر ریونیو شوپیاں، کیلر اور کیگام تحصیلوں کے لیے رینٹ اتھارٹی ہوں گے، جبکہ ایس ڈی ایم زینہ پورہ کو امام صاحب، زینہ پورہ، چترگام اور ہرمین تحصیلوں کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ جموں ڈویژن کے 10 اضلاع جموں، سانبہ، کٹھوعہ، ادھم پور، ریاسی، راجوری، پونچھ، رام بن، ڈوڈہ اور کشتواڑ میں بھی رینٹ کورٹس اور رینٹ اتھارٹیز مقرر کی گئی ہیں۔ ادھر جموں کے اضلاع میں بھی نئے رینٹ کورٹس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔



نئے انتظام کے تحت بیشتر اضلاع میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز کو ضلعی سطح پر رینٹ کورٹ کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں، جبکہ اسسٹنٹ کمشنرز ریونیو، سب ڈویژنل مجسٹریٹس (SDMs) اور بعض مقامات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز کو مخصوص تحصیلوں اور سب ڈویژنوں کے لیے رینٹ اتھارٹی مقرر کیا گیا ہے۔

خبرونظر

سپریم کورٹ کا اہم فیصلہ

24 گھنٹے کی مدت باضابطہ گرفتاری سے نہیں بلکہ حراست میں لینے کے وقت سے شروع ہوگی

یو این ایس/ سپریم کورٹ آف انڈیا نے جمعرات کو ایک اہم فیصلہ سناتے ہوئے واضح کیا کہ کسی شخص کو مجسٹریٹ کے سامنے پیش کرنے کے لیے مقررہ 24 گھنٹوں کی آئینی مدت پولیس کی جانب سے باضابطہ گرفتاری کے وقت سے نہیں بلکہ حراست میں لینے کے لمحے سے شروع ہوگی۔ جسٹس انجل بھویان اور جسٹس ایل ایس چندر کر پر مشتمل بنچ نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 22(2) کے تحت گرفتاری اور حراست کے درمیان کوئی مصنوعی فرق قائم نہیں کیا جاسکتا۔ عدالت کے مطابق باضابطہ گرفتاری سے پہلے حراست میں گزارے گئے وقت کو 24 گھنٹوں کی مدت سے خارج کرنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

بنچ نے مشاہدہ کیا کہ یہ مؤقف کہ 24 گھنٹوں کی مدت صرف رسمی گرفتاری کے بعد شروع ہوتی ہے، آئین کے آرٹیکل 22(2) اور بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا (BNSS) کی دفعہ 56 کے آئینی تقاضوں کے منافی ہے۔ سپریم کورٹ نے واضح کیا کہ 24 گھنٹوں کا حساب لگاتے وقت صرف وہ وقت خارج کیا جاسکتا ہے جو گرفتاری کی جگہ سے مجسٹریٹ کی عدالت تک پہنچنے کے لیے معقول طور پر درکار ہو۔ اس کے علاوہ پوچھ گچھ، تحقیقات، تلاشی یا ضبطی کے عمل میں صرف ہونے والا وقت اس مدت سے خارج نہیں کیا جاسکتا۔

عدالت نے اڑیسہ ہائی کورٹ کے آریا من پٹنائک کیس، مدراس ہائی کورٹ کے کفن کیس اور کیرالا ہائی کورٹ کے اروِن کے تھامس کیس میں اختیار کیے گئے ان مؤقفوں سے اتفاق نہیں کیا جن کے تحت باضابطہ گرفتاری سے قبل حراست کے وقت کو 24 گھنٹوں کے حساب سے خارج کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔ بنچ نے مزید کہا کہ اگر کسی شخص کو مقررہ 24 گھنٹوں سے زیادہ وقت تک مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیے بغیر حراست میں رکھا جاتا ہے تو اسے فوری طور پر رہا کیا جانا چاہیے۔ عدالت نے حراست میں لینے والی اتھارٹی کو ہدایت دی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ کسی بھی شخص کی حراست غیر ضروری طور پر طویل نہ ہو، خواہ وہ آئینی طور پر مقررہ 24 گھنٹوں کی حد کے اندر ہی کیوں نہ ہو۔ فیصلے میں جوڈیشل مجسٹریٹس کو بھی ہدایت دی گئی کہ وہ حراست میں لیے جانے کی اصل تاریخ اور وقت اپنے ریکارڈ میں درج کریں اور خود اس بات کا جائزہ لیں کہ آیا 24 گھنٹوں کی آئینی مدت کی پابندی کی گئی ہے یا نہیں۔ بنچ نے مزید کہا کہ مجسٹریٹس کو حراست کی مدت کے معقول ہونے کا بھی جائزہ لینا ہوگا اور اگر حراست غیر ضروری طور پر طویل پائی جائے تو وہ ریمانڈ دینے سے انکار کرسکتے ہیں۔ سپریم کورٹ کا تفصیلی فیصلہ آنا ابھی باقی ہے۔

وائلڈ لائف ہماری شناخت ہے اس کا تحفظ میری ترجیح ہے/ الطاف وانی



وزیر برائے جنگلات و ماحولیات، دیہی ترقی اور پنچایتی راج الطاف احمد وانی نے آج کہا کہ جموں و کشمیر کو ایک منفرد قدرتی ورثہ عطا ہوا ہے اور اس کا تحفظ محض محکمانہ فریضہ نہیں بلکہ حکومت اور عوام کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ وزیر موصوف وائلڈ لائف پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ اور جموں و کشمیر فاریسٹ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (جے کے ایف آر آئی) کے تفصیلی جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے تھے جو میٹنگ ہال پی سی سی ایف/ ایچ او ایف ایف آفس جموں میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمشنر سیکرٹری جنگلات و ماحولیات، پرنسپل چیف کنزرویٹر آف فاریسٹس اینڈ ہیڈ آف فاریسٹ فورس جموں وکشمیر، چیئرمین پی سی سی، چیف وائلڈ لائف وارڈن جموں وکشمیر اور وائرکٹر جے کے ایف آر آئی، ریجنل وائلڈ لائف وارڈنز، ڈی ایف اوز اور دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ محکمہ کے کام کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر نے کہا کہ جموں وکشمیر دنیا کی کچھ نایاب ترین انواع کا مسکن ہے۔

انہوں نے کہا ''ہمنگل دنیا میں کہیں اور نہیں پایا جاتا۔ یہ ہمارا فخر ہے، ہماری شناخت ہے۔ ہم اسے کھونے کا متحمل نہیں ہوسکتے اور محکمہ کو ہمنگل کے تحفظ کو مشن موڈ پر لینے کی ہدایت دی جس میں سائنسی نگرانی اور رہائش گاہ کی بہتری شامل ہو۔ وزیر نے انسانی۔جنگلی حیات کے تنازع پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ''ایک انسانی جان کا جانا خاندان کیلئے ایک المیہ ہے۔ ہمیں سب سے پہلے انسانی جان کی حفاظت کرنی ہے، ساتھ ہی جنگلی حیات کی بھی حفاظت کرنی ہے۔ اگر ہم وقت پر ردعمل دیں تو دونوں ممکن ہیں۔''

وزیر نے محکمے کو یہ بھی ہدایت دی کہ ماہرین کے مشورے سے جموں وکشمیر کی مخصوص جنگلی حیات، نباتات وحیوانات پر ایک مجموعہ تیار کیا جائے تاکہ جموں وکشمیر کی بھرپور حیاتیاتی تنوع کو مناسب طریقے سے دستاویزی شکل دی جائے اور اسے محققین، طلبہ اور عوام کیلئے دستیاب بنایا جائے۔ وزیر موصوف نے جے کے فاریسٹ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (جے کے ایف آر آئی) کے کام کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ سائنس جنگلات کے تحفظ کی بنیاد ہے اور تحقیق صرف فائلوں اور لیبارٹریوں تک محدود نہیں رہنی چاہیے بلکہ اسے جنگل، کسان اور عام آدمی تک پہنچنا چاہیے۔ انہوں نے جے کے ایف آر آئی کو ہدایت دی کہ وہ محکمہ جنگلات، کسانوں اور صنعت کے ساتھ ہم آہنگی کو مضبوط کرے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ تحقیقی نتائج مقامی لوگوں کیلئے آمدنی اور جنگلات کے بہتر تحفظ میں تبدیل ہوں۔ شرکتی ترقی پر زور دیتے ہوئے وزیر نے کہا کہ جہاں کہیں بھی کسی خاص ضلع میں کام کرنا ہو، اس ضلع کے متعلقہ ایم ایل اے کو ساتھ لیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندے زمینی حقائق سے واقف ہوتے ہیں اور ان کی شمولیت شفافیت اور کاموں کے بہتر نفاذ کو یقینی بنائے گی۔

ایران جنگ ریپبلکن پارٹی کی شکست کی وجہ بنی/ جے ڈی وینس

واشنگٹن، 5 نومبر (یو این آئی) امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس نے وسط مدتی انتخابات میں ریپبلکن پارٹی کی شکست کا ذمہ دار ایران جنگ کو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہی تنازع ہماری شکست کی وجہ بنا۔ ڈیموکریٹک پارٹی نے ایوان نمائندگان اور سینیٹ دونوں میں اکثریت حاصل کرلی ہے۔ وینس کے اس بیان سے ٹرمپ انتظامیہ کی خارجہ پالیسی اور ایران جنگ کے حوالے سے ریپبلکن پارٹی کے اندر بڑھتے اختلافات نمایاں ہوگئے ہیں۔ وینس نے انتظامیہ کی خارجہ پالیسی کے سیاسی اثرات کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ ایران جنگ ہی وہ وجہ ہے جس کے باعث ان کی پارٹی کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ دوسری جانب ڈیموکریٹک رہنماؤں نے کانگریس میں اکثریت حاصل کرنے کے بعد ٹرمپ انتظامیہ اور اس کی پالیسیوں کے خلاف جارحانہ حکمت عملی اختیار کرنے کا عندیہ دیا ہے۔ سینیٹ میں ڈیموکریٹک لیڈر چک شومر نے کہا کہ ان کی پارٹی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کو قانون سازی کی خاردار باڑ میں الجھا دے گی، جس سے ان کے ایجنڈے کو کانگریس میں سخت مزاحمت کا سامنا کرنے کا اشارہ ملتا ہے۔ ایوان نمائندگان کی نگرانی سے متعلق کمیٹی کے آئندہ چیئرمین رابرٹ گارسیا نے تحقیقات کے لیے کئی معاملات کی نشاندہی کی ہے۔ ان میں ٹرمپ خاندان سے وابستہ کاروبار، امیگریشن قوانین کا نفاذ، وائٹ ہاؤس میں بجوزہ بال روم کی تعمیر کے لیے کارپوریٹ عطیات اور جنظری انٹیلی جنس سے متعلق دستاویزات کو سنبھالنے کا معاملہ شامل ہے۔ سی بی ایس نیوز کے تخمینوں کے مطابق 435 رکنی ایوان نمائندگان میں ڈیموکریٹس کو 251 سے 268 نشستیں ملنے کا امکان ہے، جبکہ سینیٹ میں وہ کم از کم 54 نشستیں حاصل کرچکے ہیں۔ اس طرح آئندہ سال نئی کانگریس کے اجلاس کے آغاز پر پارٹی کو دونوں ایوانوں کا کنٹرول حاصل ہوجائے گا۔ ڈیموکریٹس نے ملک بھر میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرتے ہوئے ٹیکساس، کنساس، جنوبی کیرولینا، اوہائیو، آئیووا، شمالی کیرولینا اور مین میں ریپبلکن پارٹی کی سینیٹ نشستیں چھین لی ہیں۔ ٹیکساس، کنساس اور جنوبی کیرولینا میں کئی دہائیوں بعد پہلی مرتبہ ڈیموکریٹک سینیٹر منتخب ہوئے ہیں۔ یہ نتائج صدر ٹرمپ کے لیے ایک بڑا سیاسی دھچکا ہیں۔ ان کی گرتی ہوئی مقبولیت کو ڈیموکریٹس کی کامیابیوں کی ایک اہم وجہ قرار دیا جارہا ہے، جبکہ 2028 کے صدارتی انتخابات سے قبل ریپبلکن پارٹی کی سیاسی سمت کے حوالے سے بھی سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ انتخابی نتائج کے اثرات پارٹی کی قیادت پر بھی ظاہر ہونے لگے ہیں۔

یورپ بھر میں طیاروں کو بم کی نئی دھمکیاں، فضائی آپریشن متاثر

لندن، 5 نومبر (یو این آئی) یورپ کے مختلف ممالک میں طیاروں کو بم کی متعدد دھمکیاں ملنے کے بعد کئی مسافر طیاروں کو اپنے مقررہ راستوں سے ہٹ کر ہنگامی لینڈنگ کرنا پڑی۔ یہ واقعات ایسے وقت پیش آئے ہیں جب چند روز قبل بھی اسی نوعیت کی دھمکیوں کے باعث کئی پروازوں کا رخ موڑنا پڑا تھا اور پولینڈ کے ایک ہوائی اڈے کو عارضی طور پر بند کردیا گیا تھا۔ الجزیرہ کی نمائندہ فرانسس ریڈ نے لندن سے رپورٹ کرتے ہوئے بتایا کہ جمعرات کو تقریباً 10 پروازوں کو بم کی دھمکیاں موصول ہوئیں۔ فرانسیسی حکام کے مطابق ڈبلن سے روم جانے والی ایک مسافر پرواز کو مشتبہ بم کی دھمکی کے بعد فرانس کی جانب موڑ دیا گیا، جہاں فوجی طیاروں نے اسے حفاظتی حصار میں لے لیا۔ فرانسیسی حکام نے بتایا کہ دھمکی کی اطلاع ملتے ہی اس کے طیارے روانہ کردیے گئے۔ بعدازاں متعلقہ طیارے کا رخ موڑ کر پیرس کے مغرب میں واقع ایوریے ہوائی اڈے کی جانب لے جایا گیا۔ وزیراعظم سیباستیاں لیکورنو کے دفتر کے مطابق ہوائی اڈے پر بم ناکارہ بنانے والی ٹیم تعینات کردی گئی اور ایئر فرانس کے طیارے میں سوار 151 مسافروں اور عملے کے چھ ارکان کو بحفاظت باہر نکال لیا گیا۔ کسی نے ان دھمکیوں کی ذمہ داری قبول نہیں کی اور حکام نے بھی کسی کو اس کا ذمہ دار قرار نہیں دیا۔ پروازوں کی نگرانی کرنے والی ویب سائٹ فلائٹ ریڈار 24 کے مطابق طیارے نے پیرس کے قریب اپنا راستہ تبدیل کیا اور دوران پرواز ہنگامی صورت حال کا اعلان کرنے کے بعد ایوریے کے علاقے میں چکر لگاتا رہا۔ ایک الگ واقعے میں بلغاریہ کے مقامی ذرائع ابلاغ کے مطابق تین طیاروں نے بم کی دھمکیوں کے بعد ہنگامی لینڈنگ کی درخواست کی۔ بلغاریہ کے وزیر داخلہ کے مطابق ڈنمارک کے دارالحکومت کوپن ہیگن اور آئسلینڈ کے دارالحکومت میڈرڈ سے آنے والے طیارے صوفیہ میں اترے۔ ادھر چیک پولیس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ پراگ جانے والی چار پروازوں کو بھی بم کی دھمکیاں موصول ہوئیں اور حکام ان کی لینڈنگ کے انتظامات کررہے ہیں۔ پولیس کے مطابق ابتدائی جائزے میں ان دھمکیوں کو کم خطرے کا حامل قرار دیا گیا ہے، تاہم انہیں نظرانداز نہیں کیا جارہا اور تمام ضروری حفاظتی اقدامات نافذ کردیے گئے ہیں۔ طیاروں کی لینڈنگ کے بعد ان کی باردی مواد کے حوالے سے جانچ کی جائے گی۔ تنظیم میں پولینڈ کی فضائی کمپنی لاٹ نے بتایا کہ وارسا سے برسلز جانے والی اس کی پرواز سیکیورٹی الرٹ کے بعد بحفاظت منزل پر اتر گئی۔ کمپنی کے ترجمان کے مطابق ممکنہ خطرے کی اطلاع ملنے پر عملے نے طے شدہ طریقہ کار کے تحت طیارے کی اندرونی جانچ کی، تاہم کوئی مشتبہ چیز نہیں ملی۔ طیارے کے برسلز کے زاویئنٹم ہوائی اڈے پر اترنے کے بعد سیکیورٹی اہلکاروں نے مزید تلاشی لی لیکن کوئی خطرناک یا مشتبہ شے برآمد نہیں ہوئی۔

GOVT. OF JAMMU & KASHMIR

SRINAGAR MUNICIPAL CORPORATION

OFFICE OF THEEXECUTIVE ENGINEER LEFT RIVER WORKS DIVISION

P h. No. 0 194-2458118

Corrigendum

Corrigendum to NIT No. 44 of 2026-27 Dated: 13-Oct-2026. The bidders are directed to upload any documents against NIT in uploading page of documents (uploaded NIT).

Rest all shall remain same.

Sd/-EXECUTIVE ENGINEER,
LEFT RIVER WORKS DIVISION,
SRINAGAR MUNICIPAL CORPORATION.

DIPK-NB-2041/26
Dated: 05/11/2026

UNION TERRITORY OF JAMMU & KASHMIR

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER FLOOD CONTROL DIVISION KAKAPORA (I&FC DEPARTMENT)

Notice inviting e-Tender

Fresh short term e-NIT No:-10 of 2026-27

For and on behalf of the Lieutenant Governor, Union Territory of Jammu and Kashmir, e-tenders (In double Cover System) on percentage (%) basis are invited from approved and eligible contractors registered with the J &K Government for the following Works to be opened by the Executive Engineer Flood Control Division Kakapora.

S No	Name of work	Estt. Cost (Rs. in lakh)	Earnest Money (In Rs.)	Cost of T/ Doc. (In Rs.)	Time of Completion	Class of contract	Position of Technical sanction
01	02	03	04	05	06	07	08
1	Roomshi Nallah:-Construction of flood protection work on left side upstream Lelhar Bridge at Kakapora RD 35500m to RD 35600m (Fresh of e-NIT 08 of 2026-27 Sr.No.06)	30000/	750/	30 days	DEE/ CEE/BEE	Accorded vide This office T.S Order No. No.FCDK/03 of 2026-27 dt.27-08-2026	
2	Tongri Nallah:- Construction of flood protection anti-erosion work by way of crates on both sides from Satrajan at village Chitragam. (Fresh of e-NIT 08 of 2026-27 Sr.No.12)	98160/	2500/	60 days	A/BEE	Accorded vide This office T.S Order No. No.FCDK/03 of 2026-27 dt.27-08-2026	

No of works:-02 No's
Head of Account:- 4711-UT Capex
Position of AAA= Accorded by Superintending Engineer Hydl. Circle Pulwama HQ.Shopain vide order SE/HYD/SPN/DB/47 of 08/2026-27 dt.18-08-2026.
Position of funds: (Committed).

1. The Bidding document consisting of qualifying information, eligibility criteria, specifications, set of terms and conditions and other details can be seen/ downloaded on e-procurement Portal www.jktenders.gov.in as per schedule of dates given below:-

1.	Date of issue of Tender Notice	31 /10/2026 from 1800 Hrs
2.	Date of start of downloading	31/10/2026 from 1800 Hrs
3.	Bid submission start Date Technical/Financial Cover	31/10/2026 from 1800 Hrs
4.	Bid Submission end date	10/11/2026 from 1800 Hrs
5.	Date & Time of opening of Tenders	11/11/2026 at 1100 Hrs.

I. It shall be mandatory for the bidder or his authorized representative, while visiting the work site, to take photographs of himself at the site along with the geo-tagged coordinates. The said geo tagged photographs shall be uploaded/submitted along with other documents as prescribed in the NIT/
II. Bids must be accompanied with cost of tender document fee (Non- Refundable/ Non- transferrable) to be deposited under MH: 0070 OAS-Rev. Misc. in shape of Treasury Challan/ receipt(mentioning therein NIT No. Sr. No.of work and Adv. Cost of work) & date on it must not be prior to date of issuance of this tender Notice, and Earnest Money Deposit (2% of the Advertised cost) in the shape of the CR/FDR at the time of tendering , both to be pledged to Executive Engineer Flood Control Division Kakapora. However, the CDRs/Treasury Receipts already pledged by the bidders who participated in this office e-NIT No. 08 dated 31-08-2026, against the works listed at Serial Nos. 06 and 12, shall also be considered valid and acceptable for the instant e-NIT.
III. The L1 bidder(Successful bidder) has to provide 3% of Project Cost as Performance Security in the form of CDR/FDR/ from any Scheduled Bank within 5 days after opening of Financial Bids and the validity of same should be 30 days beyond Defective Liability Period.
All other terms and conditions shall be governed by (Double agreement Form) where ever applicable.

Sd/- Executive Engineer
Flood Control Division Kakapora

DIPK-7414/26
Dated: 05/11/2026

GOVERNMENT OF JAMMU AND KASHMIR

AGRICULTURE PRODUCTION DEPARTMENT MISSION DIRECTORATE, HADP / JKCIP

Raj bagh, Srinagar / Narwal, Jammu

NOTICE INVITING e-TENDER

No.: MD/HADP/JKCIP/Acctt/2026/111 Dated: 04.11.2026

The Employer, Mission Directorate, HADP/JKCIP, Invites electronic bids from eligible and registered firms for the following services, financed by the International Fund for Agricultural Development (IFAD), through national competitive bidding:

RFPNo.	RFP-16-JKCIP-2026-27 (Retender)
GeM Bid No.	As generated on publication at https://gem.gov.in
Name of Work	Organisation of Block Level Rural Credit Workshops (180 workshops, two in each of the 90 designated blocks of J&K UT)
Estimated Cost	Rs. 1,80,00,000
Bid Security (EMD)	Rs. 3,60,000
Cost of Bidding Document	Nil
Bid submission starts	04-11-2026
Last date for seeking clarifications	06-11-2026 at 17:00 hours IST
Last date and dme of bid submission	14-11-2026 at 15:00 hours IST
Opening of technical bids	14-11-2026 at 15:30 hours IST

The complete bidding document, eligibility criteria, terms and conditions and corrigenda, if any, are available on the Government e-Marketplace (GeM) https://gem.gov.in and may be downloaded free of cost. Bids shall be submitted online only. The Employer reserves the right to accept or reject any or all bids without assigning any reason.

Sd/- Accounts Officer
Mission Directorate, HADP / JKCIP

NOTICE INVITING e-TENDER

No.: MD/HADP/JKCIP/Acctt/2026/110 Dated: 04.11.2026

The Employer, Mission Directorate, HADP/JKCIP, Invites electronic bids from eligible and registered firms for the following goods and related services, financed by the International Fund for Agricultural Development (IFAD), through national competitive bidding:

RFPNo.	RFP- 18-JKCIP-2026-27
Tender ID	2026_APD_330326_1
Name of Work	Supply, Installation, Commissioning, Calibration and Training of Equipment for Fruit & Vegetable Quality Testing Laboratory
Estimated Cost	Rs. 1,13,00,000
Bid Security (EMD)	Rs. 2,26,000
Cost of Bidding Document	Nil
Bid submission starts	07-11-2026 at 17:00 hours IST
Last date for seeking clarifications	07-11-2026 at 11:00 hours IST
Last date and time of bid submission	26-11-2026 at 15:00 hours IST
Opening of technical bids	26 11-2026 at 15:30 hours IST

The complete bidding document, eligibility criteria, terms and conditions and corrigenda, if any, are available on the J&K e-Procurement Portal www.jktenders.gov.in and may be downloaded free of cost. Bids shall be submitted online only. The Employer reserves the right to accept or reject any or all bids without assigning any reason.

DIPK-NB-2040/26
Dated: 05/11/2026

Sd/- Accounts Officer
Mission Directorate, HADP / JKCIP

GOVERNMENT MEDICAL COLLEGE, SRINAGAR

(ACADEMIC SECTION)

Subject: Engagement of Dr. Zubair Ahmad Naikoo as Senior Resident on Academic Arrangement Basis, in the Department of Paediatrics, Government Medical College, Srinagar.
Reference: i) This office Advertisement No. 09 of 2026 Dated. 02.07.2026.
ii)Character and Antecedent verification report received from CID, J&K vide Form No. 167942 Dated. 02.11.2026.

OFFICE ORDER No: 1049RA of 2026.

DATED: 05-11-2026.

Pursuant to the Selection list issued vide Notification No. 22-RA of 2026 Dated. 31.07.2026 and on the basis of Satisfactory verification report of Character & Antecedents by Criminal Investigation Department (CID), J&K, Dr. Zubair Ahmad Naikoo, MD, a non-in-service candidate is hereby provisionally engaged as Senior Resident in the Department of Paediatrics, on Academic Arrangement Basis, under S.O. 364 of 2020 Dated. 27.11.2020 and Government Order No. 383-JK (HME) of 2024 Dated. 20.06.2024, initially for a period of one year, extendable up to a maximum period of 03 (three) years, subject to satisfactory performance, as certified by concerned Head of Department.

The engagement of the above-named doctor shall further be subject to the following terms and conditions:-

1. The engagee shall submit his joining report, along with duly attested affidavits before the Judicial Magistrate, in the office of the undersigned, to the effect that:-
1. he is a non-in-service candidate and that the information furnished by him in this regard is true and correct. In the event, the information is subsequently found to be false or incorrect, he shall be liable for action under the applicable rules, including cancellation/confiscation of his registration, as may be permissible under the relevant provisions;
II. he shall not participate in any kind of strike during the period of his engagement. In the event he proceeds on strike, his engagement shall be liable to termination in accordance with the applicable provisions of law, including the provisions of the Essential Services Maintenance Act (ESMA), wherever applicable;
III. he shall maintain discipline and proper conduct throughout the period of his engagement. Any act of misconduct shall render him liable to termination of engagement in accordance with the applicable rules;
IV. he is not involved in any criminal activity and that no FIR is pending
V. against him or has been registered against him in any criminal case, except as specifically disclosed by him in the affidavit; he shall not claim an experience certificate in respect of the Senior Residency in the event he leaves the Senior Residency before completion of at least six months;
VI. he shall not indulge in any private practice during the period of his engagement. In the event he is found indulging in private practice, his engagement shall be liable to termination in accordance with the applicable rules;
VII. he shall not claim any further extension beyond the maximum permissible period of Senior Residency under the applicable rules, under any circumstances.
2. The engagee shall execute an agreement with the Institution in the prescribed format (Form A) in respect of the various terms and conditions applicable to engagement on Academic Arrangement Basis. The prescribed format may be downloaded from the official website of Government Medical College, Srinagar.
3. The appointee shall be required to join within 21 days from the date of issuance of this order, failing which the order shall be deemed to have been cancelled ab-initio.
4. The Senior Resident engaged on Academic Arrangement Basis shall be paid remuneration as admissible under S.O. 364 of 2020 Dated. 27.11.2020.
5. The Senior Resident engaged on Academic Arrangement Basis shall be entitled to leave as admissible under Government Order No. 451-JK (HME) of 2024 Dated. 08.07.2024.

Sd/ Prof. (Dr.) Iffat Hassan Shah
Principal/Dean
Govt. Medical College Srinagar

DIPK-7405/26
Dated: 05/11/2026

Government of Jammu & Kashmir

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER (R&B) DIVISION AWANTIPORA

NOTICE INVITING E-TENDER

NIT No: 156/EEA/R&B of 2026-27/5961-71 Dated: 05-11-2026

For and on behalf of the Lt. Governor, UT J&K, e-tenders (In single cover system) are invited on Percentage basis from approved and eligible Contractors registered with J&K Govt., CPWD, Railways sand other State/Central Governments for the following works:-

S.No.	Name of Work	Adv. Cost (Rs. In Lacs)	Cost of T/Doc. (In Rupees)	Earnest money (In Rupees)	Time of completion	M.H of Account	Class of Contractor
1	2	3	4	5	6	7	8
1.	Construction of Approach Road for SWM Plant at MC Khrew.	48.08	1100/-	2% of Adv cost	180 Working days	Hon'ble NGT 606/2018	AAY, BEE

Position of AAA: Accorded vide Order No. 1027/DULBK/Plg of 2026 Dated: 12.10.2026.
Position of funds: Committed.

The Bidding documents Consisting of qualifying information, eligibility criteria, specifications, Drawings, bill of quantities (B.O.Q),Set of terms and conditions of contract and other details can be viewed/downloaded from the departmental website www.jktenders.gov.in as per schedule of dates given below–

1	Date of Issue of Tender Notice	05-11-2026
2	Period of downloading of bidding documents	05-11-2026
3	Bid submission Start Date	06-11-2026
4	Bid Submission End Date	20-11-2026 12:00 PM
5	Date & time of opening of Bids (Online)	21-11-2026 4:00 PM

1. Every participating contractor to mandatorily disclose the bank account number which is linked with their GSTIN at the time of bid submission. No payments shall be released by the Government Department/Agency to any other bank account except the one linked with the GST registered number of the successful bidder. (As per circular No. 01(ADM) FD of 2025 Dated 08-07-2025 of J&K Finance Department)
(The participating contractor may disclose his Bank Account as par the format, devised as Annexure- A of the NIT and submit/upload the same accordingly at the time of submission of the bid).
2. Bids must be accompanied with cost of Tender document/Tender Fee to be deposited in Cash in Centralized Designated Pooling JK Bank Account Bearing No: 0470010200000099, IFSC: JAKA0LALANG)
(In case the participating bidder wishes to deposit the requisite amount physically at any branch of the Bank other than using UPI or any other mobile application, the said bidder has to upload the Transaction Receipt as per devised format forming Annexure-Z to this NIT, duly signed by the concerned Branch Manager with proper seal.)
3. All the bidders must deposit Earnest money /Bid security equal to 2% of advertised cost in Cash in Centralized Designated Pooling JK Bank Account Bearing No: 0470010200000099, IFSC: JAKA0LALANG)
(In case the participating bidder wishes to deposit the requisite amount physically at any branch of the Bank other than using UPI or any other mobile application, the said bidder has to upload the Transaction Receipt as per devised format forming Annexure-Z to this NIT, duly signed by the concerned Branch Manager with proper seal.)
4. The Successful bidder will have to provide performance security @ 5% of contract value to be deposited in Cash in Deposit Account of Executive Engineer R&B Division Awantipora bearing JK Bank Account No: 03340102000000160, IFSC: JAKADAWANTI), which shall be released after successful completion of DLP /maintenance period.
5. The date and time of opening of Bids shall be notified on Web Site www.jktenders.gov.in and conveyed to the bidders automatically through an e-mail message on their e-mail address. The bids of Responsive bidders shall be opened online on same Web Site in the Office of Executive Engineer R&B Division Awantipora (tender receiving authority).
6. The bids for the work shall remain valid for a period of 120 days from the date of opening of Technical bids.

Sd/-Executive Engineer
R&B Division Awantipora.

DIPK-7380/26
Dated: 05/11/2026

وزیر خارجہ جے شنکر کی آسٹریلیا اور برطانیہ کے وزرائے اعظم سے ملاقات

دونوں ملاقاتوں میں مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا

نئی دہلی 05 نومبر (ایم این این)

۔ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے سینٹ جانز میں دولت مشترکہ کے سربراہان حکومت کے اجلاس (سی ایچ او جی ایم) 2026 کے موقع پر آسٹریلیا اور برطانیہ کے وزرائے اعظم سے ملاقات کی۔ دونوں ملاقاتوں میں مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آسٹریلیا کے وزیر اعظم انتھونی البانیز سے ملاقات کے بعد جے شنکر نے ایکس پر لکھا، "(سی ایچ او جی ایم) 2026 میں وزیر اعظم البانیز سے مل کر خوشی ہوئی۔" یہ ملاقات دونوں ملکوں کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اعلیٰ سطح پر ہونے والی متعدد بات چیت کے سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ گزشتہ ہفتے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے فلپائن میں آسیان وزرائے دفاع کی 13ویں میٹنگ پلس کے موقع پر آسٹریلیا کے نائب وزیر اعظم رچرڈ مارلز سے ملاقات کی تھی۔ اس دوران دونوں رہنماؤں نے دفاعی تعاون کا جائزہ لیا اور فوجی شعبے میں باہمی تعاون بڑھانے اور علاقائی سلامتی سے متعلق چیلنجوں سے نمٹنے پر بات کی تھی۔ اس ملاقات کے دوران راج ناتھ



سنگھ نے کہا تھا کہ نئی دہلی آسٹریلیا کے ساتھ جامع اسٹریٹجک شراکت داری کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے، تاکہ آزاد، کھلے اور محفوظ ہند بحرالکاہل خطے کو یقینی بنایا جا سکے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اس سے قبل 8 سے 10 جولائی تک آسٹریلیا کا دورہ کیا تھا، جہاں میلبورن میں سالانہ سربراہ اجلاس منعقد ہوا تھا۔ اس سفارتی دورے کے دوران وزیر اعظم مودی اور ان کے آسٹریلوی ہم منصب نے 18 اہم معاہدوں پر دستخط کیے تھے جن میں باضابطہ دفاعی معاہدہ اور یورینیم کی فراہمی سے متعلق شہری جوہری معاہدہ بھی شامل تھا۔ اپنے دورے کے دوران وزیر خارجہ جے شنکر نے برطانیہ کے وزیر اعظم اینڈی برنہم سے بھی (سی ایچ او جی ایم) 2026 کے موقع پر ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے جامع اقتصادی و تجارتی معاہدے (CETA) کے تحت تجارتی شراکت داری کو مزید وسعت دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا اور بدلتی ہوئی عالمی صورتحال پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔ جے شنکر نے ایکس پر لکھا، "(سی ایچ او جی ایم) 2026 کے موقع پر برطانیہ کے وزیر اعظم اینڈی برنہم سے ملاقات کر کے خوشی ہوئی۔ انہیں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے نیک خواہشات پہنچائیں۔ CETA کے تناظر میں اپنی اقتصادی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔" اس سے قبل جولائی میں وزیر اعظم نریندر مودی نے برطانیہ کے وزیر اعظم سے فون پر بات کی تھی۔ اس دوران دونوں رہنماؤں نے اہم شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا کرنے پر اتفاق کیا تھا۔ فون پر گفتگو کے دوران وزیر اعظم مودی نے اینڈی برنہم کو عہدہ سنبھالنے پر مبارک باد دی اور ان کی کامیاب مدت کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا تھا۔

خلائی ملبہ ہٹانے کی جانب پیش قدمی

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے 2030 تک خلا کو ملبے سے پاک کرنے کے وژن کا اعلان کیا

نئی دہلی 05 نومبر (ایم این این)

سائنس اور ٹیکنالوجی اور ارتھ سائنسز کے مرکزی وزیر مملکت (آزادانہ چارج) اور ایم او ایس پی ایم او ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج کہا کہ ہندوستان خلائی ملبہ ہٹانے کے ابتدائی عالمی علمبرداروں میں سے ابھر رہا ہے۔ ایک ہندوستانی اسٹارٹ اپ بیرونی خلا کو محفوظ اور زیادہ پائیدار بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کو آگے بڑھا رہا ہے۔ 2030 تک ملبے سے پاک خلاء کو حاصل کرنے کے وژن کا اعلان کرتے ہوئے، وزیر نے کہا کہ فعال خلائی ملبہ ہٹانے میں ہندوستان کی ابھرتی ہوئی صلاحیتیں خلائی ٹیکنالوجی میں ملک کی بڑھتی ہوئی عالمی قیادت اور پوری انسانیت کے لیے ایک محفوظ خلائی ماحول کو یقینی بنانے کے لیے اس کے عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ کرتو بھون، نئی دہلی سے حیدرآباد میں کوسموسرو کی پہلی 1 سہولت کے افتتاح کے موقع پر عملی طور پر بات کر رہے تھے۔ دی ایس ڈی ٹیک پارک، ہگی بولی، حیدرآباد میں منعقدہ افتتاحی تقریب میں شری ڈی سریدھر بابو، وزیر آئی ٹی اور صنعت، حکومت تلنگانہ مہمان خصوصی کے طور پر اور ڈاکٹر چیچی سمبھو راماپانی اور سی ای او، کاسموسرو اسپیس نے شرکت کی۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ اس پروگرام میں بطور



مہمان خصوصی شامل ہوئے۔ افتتاح پر کوسموسرو کو مبارکباد دیتے ہوئے، ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ یہ 1 ایک جامع، جدید ترین سہولت ہے جو تقریباً 800,14 مربع فٹ پر پھیلی ہوئی ہے، جہاں خلائی روبوٹس کو ڈیزائن کیا جاتا ہے، بنایا جاتا ہے، خلائی حالات میں تجربہ کیا جاتا ہے اور مشن کنٹرول کے ذریعے چلایا جاتا ہے۔

اس سہولت میں تخصیصی صلاحیتیں ہیں جن میں مداری ملاقات اور کیپچر لیبز، خلائی روبوٹکس انوویشن لیبز، مائیکرو گریویٹی سمولیشن پلیٹ فارمز اور سٹلائٹ انٹیگریشن کلین رومز شامل ہیں، جو ہندوستان کی نجی خلائی صلاحیتوں میں ایک اہم پیشرفت کی نشاندہی کرتے ہیں۔ وزیر نے ڈاکٹر چیچی سمبھو راماپانی اور ان کی ٹیم کو ایکٹو ملبہ ہٹانے اور مدار میں سروسنگ میں اہم کام کرنے پر مبارکباد دی۔ مشن ابھر لیس، جس نے کمپنی کی تشکیل کے ایک سال کے اندر جولائی 2026 میں نرم روبوٹک پکڑیوں کا خلائی ٹیسٹ کیا، ہندوستان کے نجی خلائی آغاز کی تیز رفتار ترقی اور بڑھتی ہوئی تکنیکی پختگی کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے اسرو میں ٹیم کے تجربے اور تلنگانہ پروگرام کو پرائیویٹ سیکٹر میں ایک اشتراکی ماڈل میں ترجمہ کرنے کی تعریف کی۔

قابلِ تجدید توانائی کے شعبے میں ہمارا ملک ایک "بڑی عالمی طاقت" کے طور پر ابھرا ہے۔ پرہلاد جوشی



نئی دہلی 05 نومبر (ایم این این)

مرکزی وزیر برائے نئی اور قابل تجدید توانائی، پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ بھارت نے قابل تجدید توانائی کے شعبے میں خود کو ایک "بڑی عالمی طاقت" کے طور پر منوایا ہے۔ ان کے مطابق، بھارت کی بڑھتی ہوئی صلاحیت، بلند اہداف اور صاف توانائی کے پھیلاؤ کی تیز رفتار، عالمی توانائی کی منتقلی میں اسے ایک کلیدی کردار کے طور پر پیش کرتی ہے۔ بھارت رینیوایبل انرجی سمٹ اینڈ ایکسپو کے اختتام پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، جوشی نے کہا کہ بھارت منڈپم میں منعقدہ اس چار روزہ تقریب میں دنیا بھر سے پالیسی سازوں، سرمایہ کاروں، صنعت کے رہنماؤں اور جدت پسندوں نے شرکت کی، اور یہ تقریب قابل تجدید توانائی کے شعبے کے لیے بھارت کے سب سے بڑے عالمی پلیٹ فارمز میں سے ایک کے طور پر سامنے آئی ہے۔ وزیر موصوف نے اس بات پر زور دیا کہ پہلی بار، قابل تجدید توانائی سے متعلق تین بڑے ایونٹس ایک ساتھ منعقد کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ اس سربراہی اجلاس نے نہ صرف قابل تجدید توانائی کے شعبے میں بھارت کی کامیابیوں کو اجاگر کیا، بلکہ عالمی توانائی کی منتقلی کے اگلے مرحلے کے لیے بنیاد بھی فراہم کی۔ انہوں نے کہا، "پیغام بالکل واضح ہے، بھارت قابل تجدید توانائی کے شعبے میں ایک بڑی عالمی طاقت کے طور پر ابھرا ہے اور دنیا نے اس کا نوٹس لیا ہے۔" جوشی نے مزید بتایا کہ بھارت نے اپنے قابل تجدید توانائی کے اہداف کو بڑھاتے ہوئے 2030-35 تک 800 گیگاواٹ کا ہدف مقرر کیا ہے، جبکہ اس سے قبل یہ ہدف 500 گیگاواٹ تھا۔ انہوں نے کہا، "ہم اس سمت میں مستقل مزاجی سے آگے بڑھ رہے ہیں اور ہمیں یقین ہے کہ ہم 500 گیگاواٹ کا سنگ میل عبور کر لیں گے، جو کہ طور پر مقررہ وقت سے پہلے ہی۔ اس سربراہی اجلاس میں ہونے والی بات چیت اور نتائج نے بھارت کے قابل تجدید توانائی کے سفر پر ہمارے اعتماد کو مزید مستحکم کیا ہے۔"

جوشی نے بتایا کہ ملک کو اپنی پہلی 100 گیگاواٹ کی صلاحیت حاصل کرنے میں کئی دہائیاں لگیں، جبکہ اگلی 100 گیگاواٹ کی صلاحیت صرف سات سالوں میں شامل کی گئی۔ تاہم، تیسرا 100 گیگاواٹ کا سنگ میل محض دو سالوں (2024 اور 2026 کے درمیان) میں حاصل کر لیا گیا، جو ملک میں قابل تجدید توانائی کی صلاحیت میں اضافے کی تیز رفتار کو ظاہر کرتا ہے۔ سربراہی اجلاس کے پیمانے اور اس میں شرکت کے حوالے سے بات کرتے ہوئے، جوشی نے کہا کہ آئی آر ای ایس 2026 بھارت میں اب تک منعقد ہونے والا قابل تجدید توانائی کا سب سے بڑا ایونٹ تھا۔ چار روزہ تقریب نے 000.75 سے زائد زائرین، آٹھ شراکت دار ممالک، 32 بین الاقوامی وزراء اور 14 ریاستوں و مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے نمائندوں کو اپنی جانب متوجہ کیا۔

دارالعلوم رحیمیہ بانڈی پورہ
میں نئی تعمیر کا کام شروع
صدقہ جاریہ میں حصہ لینے کا پھر سے موقع



1۔ پہلی منزل بنام عائشہ منزل 2۔ دوسری منزل بنام خدیجۃ الکبریٰ منزل
3۔ تیسری اور چوتھی منزل بنام دارالاقامہ و تعلیمی منزل برائے مہمانانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

اپنے لئے، اپنے والدین مرحومین یا عزیز اولادوں کے لئے یا اولیاء کرام و اسلاف کے لئے ایصال ثواب اور صدقہ جاریہ کی نیت سے حصہ حاصل کیجئے۔
شوق رکھنے والے حضرات نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں ہدیہ ثواب پیش کرنے کے لئے حصہ لے سکتے ہیں۔

Account No:0061010100001532
Darul Uloom Raheemiyaah
IFSC Code :JAK0WULLAR
Current Account
J&K Bank Main branch Bandipora

اس عنوان پر سہولت سے رقم ٹرانسفر کرنے کے لئے اکاؤنٹ نمبر بذیل ہے
رقم جمع کر کے دفتر حسابات کو اسکرین شارٹ فون نمبر: 9419089250 بھیج دیں
تا آپ کو رسید روانہ کر دی جائے اور بینک کے ساتھ حساب ملانے میں سہولت ہو۔
نوٹ: تفصیلات اور معلومات لینے کے لئے اس نمبر پر رابطہ کریں۔ 8899101091
المعلن۔ محمد رحمت اللہ
ناظم دارالعلوم رحیمیہ بانڈی پورہ کشمیر

مالیاتی فرموں کے خلاف ہیکنگ مہم

چین سے منسلک AI ٹولز پر بھارت کا اظہار تشویش

نئی دہلی 05 نومبر (ایم این این)

ہندوستان کی سائبر سیکورٹی ایجنسی نے مالیاتی فرموں پر اے آئی سے چلنے والے حملوں کی لہر کے پیچھے ہیکنگ گروپ کا نام لیا اور اس کے ٹولز کی نشاندہی کی، جن میں سے کم از کم دو چین سے منسلک ہیں، ہندوستان کو ان ممالک کی بڑھتی ہوئی فہرست میں شامل کیا جہاں بینکوں کے خلاف اس طرح کے ٹولز استعمال کیے گئے ہیں۔ بدھ کو جاری کردہ ایک ایڈوائزری کے مطابق، گروپ، جسے انڈین کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیم (CERT-In) کرائی فالکن کہتی ہے، اس نے غیر بینک قرض دہندگان، فنٹیک فرموں اور کرپٹو کرنسی ایکسچینج کی خلاف ورزی کی ہے۔ CERT-In نے یہ نہیں بتایا کہ خلاف ورزیوں کے پیچھے کون تھا یا تنظیم کہاں کام کرتی ہے۔ یہ ایڈوائزری حالیہ ہفتوں میں ہندوستانی بینکوں اور غیر بینک قرض دہندگان پر سائبر حملوں کی ایک لہر کے بعد سامنے آئی ہے، یہاں تک کہ جب حکام نے وارننگ جاری کیں اور ریزرو بینک آف انڈیا نے سائبر سیکورٹی چیکس کو سخت کر دیا۔ CERT-In نے کہا کہ حملہ آور عوامی طور پر دستیاب AI ٹولز کو مشین کی رفتار سے حملہ کار ایجنٹس کا استعمال کرتے ہیں اور اس خطرے کو فعال اور جاری کہتے ہیں۔ اس نے چار ٹولز کا نام دیا: Cairn، PentAGI، ARTEX اور CyberStrikeAI۔ سیکورٹی محققین نے ان میں سے کم از کم دو کو چین سے جوڑا ہے۔ سائبر سیکورٹی فرم کراؤڈ اسٹرائیک نے کہا ہے کہ ستمبر کے آخر سے جنوبی کوریا کے بینکوں پر حملوں میں چین کا بنایا ہوا ARTEX استعمال کیا جا رہا ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ چین سے منسلک ایک گروپ نے جاسوسی مہم میں بھی اس ٹول کا استعمال کیا جس میں کم از کم 14 ممالک میں 200 سے زیادہ تنظیموں کو نشانہ بنایا گیا۔

خدمات کے شعبے میں چار ماہ کی تیز ترین ترقی

گھریلو طلب میں اضافے سے معیشت کو تقویت پہنچی ہے

نئی دہلی 05 نومبر (ایم این این)

ہندوستان کے خدمات کے شعبے میں اکتوبر کے دوران گزشتہ چار ماہ کی سب سے تیز ترقی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ملک میں گھریلو طلب میں بہتری اور نئے کاروباری آرڈرز میں اضافے نے اقتصادی سرگرمیوں کو نئی رفتار دی ہے، جبکہ مہنگائی کے دباؤ میں بھی نمایاں کمی سامنے آئی ہے۔ تازہ معاشی اعداد و شمار کے مطابق ہندوستان کا سروسز پرچیزنگ منیجرز انڈیکس (PMI) ستمبر کے 2.55 سے بڑھ کر اکتوبر میں 8.55 تک پہنچ گیا۔ یہ جون کے بعد بلند ترین سطح ہے۔ اس انڈیکس میں 50 سے اوپر کی سطح کاروباری سرگرمیوں میں توسیع کی نشاندہی کرتی ہے۔ اکتوبر کے دوران نئے کاروباری آرڈرز میں بھی چار ماہ کی سب سے تیز رفتار سے اضافہ ہوا۔ اس کی بنیادی وجہ ملک کے اندر صارفین کی مضبوط طلب اور نئی کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ بتایا گیا ہے۔ مالیاتی خدمات، انشورنس اور دیگر خدمات سے وابستہ شعبوں میں کاروباری سرگرمیوں میں بہتری دیکھی گئی۔ مالیاتی اور انشورنس شعبوں نے ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا، جبکہ رئیل اسٹیٹ اور کاروباری خدمات میں نسبتاً کم رفتار سے اضافہ ہوا۔ ایک اہم مثبت پیش رفت مہنگائی کے دباؤ میں کمی کی صورت میں سامنے آئی ہے۔ خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں کے اخراجات میں اضافے کی رفتار گزشتہ چھ برسوں کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی۔ اس سے کاروباری اداروں کو کچھ راحت ملی، اگرچہ بجلی، مزدوری، خام مال اور نقل و حمل کے اخراجات میں اضافہ جاری رہا۔ صارفین سے وصول کی جانے والی قیمتوں میں اضافے کی رفتار بھی گزشتہ چار ماہ کی کم ترین سطح پر رہی، جو مہنگائی کے دباؤ میں نرمی کی نشاندہی کرتی ہے۔ تاہم بین الاقوامی منڈیوں سے ملنے والے نئے آرڈرز کی رفتار کمزور رہی۔ خدمات کی برآمدات کے نئے آرڈرز میں اضافے کی رفتار گزشتہ 45 ماہ کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بیرونی طلب کے مقابلے میں ہندوستان کی گھریلو منڈی زیادہ مضبوط کارکردگی دکھا رہی ہے۔

امریکی وسط مدتی انتخابات میں ڈیموکریٹس کی کامیابی، بھارت امریکہ تعلقات میں بہتری کی امید

نئی دہلی 05 نومبر (ایم این این)

امریکہ کے وسط مدتی انتخابات میں ڈیموکریٹک پارٹی کی نمایاں کامیابی کے بعد بھارت اور امریکہ کے تعلقات میں بہتری کی نئی امیدیں پیدا ہوئی ہیں۔ سیاسی اور تجارتی ماہرین کے مطابق انتخابی نتائج صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تجارتی، خارجہ اور امیگریشن پالیسیوں پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ ڈیموکریٹس نے امریکی کانگریس کے دونوں ایوانوں میں اکثریت حاصل کر لی ہے، جس سے صدر ٹرمپ کے بعض فیصلوں پر پارلیمانی نگرانی اور سیاسی دباؤ بڑھنے کا امکان ہے۔ گزشتہ دو برسوں کے دوران بھارت اور امریکہ کے تعلقات میں تجارتی محصولات، روس سے تیل کی خریداری، ایچ ون بی ویزا پابندیوں اور علاقائی خارجہ پالیسی کے معاملات پر اختلافات سامنے آئے ہیں۔ بھارتی مصنوعات پر امریکی محصولات ایک مرحلے پر 50 فیصد تک پہنچ گئے تھے، جنہیں بعد میں بیشتر مصنوعات کے لیے 18 فیصد تک کم کیا گیا۔ تاہم تجارتی معاہدے سے متعلق کئی معاملات اب بھی زیر بحث ہیں۔ سابق بھارتی سفارت کار انیل تریگنایت کے مطابق بھارت کو روایتی طور پر امریکہ کی دونوں بڑی سیاسی جماعتوں کی حمایت حاصل رہی ہے۔ ڈیموکریٹس کی کامیابی سے صدر ٹرمپ کے یکطرفہ فیصلوں پر نگرانی بڑھ سکتی ہے اور بھارت کے ساتھ اسٹریٹجک تعاون پر دو جماعتی اتفاق رائے کو تقویت مل سکتی ہے۔ ایچ ون بی ویزا رکھنے والے بھارتی پیشہ ور افراد کے لیے بھی نئی امیدیں پیدا ہوئی ہیں۔ ٹرمپ انتظامیہ کی سخت امیگریشن پالیسیوں نے امریکی ٹیکنالوجی کمپنیوں میں کام کرنے والے ہزاروں بھارتی شہریوں کے لیے غیر یقینی صورتحال پیدا کی ہے۔ تاہم ماہرین کے مطابق انتخابی نتائج سے ویزا پابندیاں فوری طور پر ختم ہونے کا امکان نہیں۔ دوسری جانب تجارتی ماہرین کا کہنا ہے کہ ڈیموکریٹس کی کامیابی کے باوجود امریکی تحفظ پسند تجارتی پالیسیوں میں بڑی تبدیلی ضروری نہیں، کیونکہ دونوں جماعتیں ملکی صنعتوں اور روزگار کے تحفظ کو اہمیت دیتی ہیں۔ انتخابات میں کئی بھارتی نژاد امریکی امیدواروں نے بھی کامیابی حاصل کی۔

ویسٹرن بس سروس لمٹیڈ پارمپورہ میں ہنگامی میٹنگ

مورخہ 5 نومبر 2026 کو ویسٹرن بس سروس لمیٹڈ کے صدر دفتر میں ایک میٹنگ زیر صدارت چیرمین مشتاق احمد لہ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں جنرل سیکرٹری محمد یوسف ڈار، وائس چیرمین جاسم خان، خزانچی عبدالرشید گنائی، ریاض احمد ڈار، حاجی غلام حسن، فاروق احمد، شبیر گورو، محمد لطیف ملہ، منظور احمد بٹ کے علاوہ سرکردہ ٹرانسپورٹروں نے حصہ لیا۔ میٹنگ میں اس بات پر افسوس کا اظہار کیا گیا کہ بٹہ مالو، جہانگیر چوک سے مسافر گاڑیاں غیر قانونی طور پر جس میں سومو ٹویرا اوی کے مختلف علاقوں کیلئے سواریاں بھر رہی ہیں اور کھل کھلا قانون کی دھجیاں اڑا رہی ہے۔ کیونکہ عدالت عالیہ کے حکم کے مطابق کوئی بھی پسنجر گاڑی جو کہ وادی کے مختلف اضلاع سے آرہی ہو پارمپورہ سے آگے نہیں جا سکے گی۔ اور پارمپورہ سے ہی واپس جا سکتی ہے۔ اس ضمن میں چیرمین صاحب نے ایس ایس پی ٹریفک سرینگر سے رابطہ کیا اور ایس ایس پی صاحب نے یقین دہانی کی تھی کہ اس پر کاروائی ہوگی۔ سرینگر میں بٹہ مالو، جہانگیر چوک، فتح پورہ، بمنہ اور شالہ ٹینگ سے آوارہ گاڑیاں غیر قانونی طور پر سواریاں بھر رہی ہیں۔ جس سے ٹرانسپورٹروں کو نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس لئے ایس ایس پی صاحب سے پرزور گزارش کی جاتی ہے کہ یہ غیر قانونی اسٹینڈ جو کہ بٹہ مالو، جہانگیر چوک، فتح پورہ، بمنہ، شالہ ٹینگ میں چلا رہے ہیں ان کو بند کر کے ٹرانسپورٹروں کو راحت دیں۔

جنرل سیکرٹری محمد یوسف ڈار (دستخط)
بذریعہ۔ ویسٹرن بس سروس لمٹیڈ پارمپورہ

بھارت۔ گوئٹے مالا نے تعاون کو مضبوط بنانے اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا

نئی دہلی 05 نومبر (ایم این این)

ہندوستان اور گوئٹے مالا نے دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو فروغ دینے کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ یہ بات چیت گوئٹے مالا میں ہندوستان کے سفیر راج کمار سنگھ اور گوئٹے مالا کی کانگریس وومن ایوانا بونیلا کے درمیان ملاقات کے دوران ہوئی۔ بات چیت میں کلیدی شعبوں جیسے کہ ٹیکسٹائل، تعمیراتی مواد، ویسٹ مینجمنٹ، ٹو وہیلر اور سی کے ڈی سسٹمز میں خریدار بیچنے والے میٹنگز (بی ایس ایم) کے انعقاد کے منصوبے بھی شامل تھے۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں، گوئٹے مالا میں ہندوستانی سفارت خانے نے کہا، "گوئٹے مالا میں ہندوستان کے سفیر ایچ ای راج کمار سنگھ نے کانگریس کی خاتون ایوانا بونیلا سے ملاقات کی تاکہ دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط کرنے اور ہندوستان اور گوئٹے مالا کے درمیان اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو فروغ دینے کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔ بات چیت میں اہم شعبوں جیسے کہ ٹیکسٹائل، تعمیراتی مواد، ویسٹ مینجمنٹ، دو پہیہ گاڑیاں، اور سی کے ڈی سسٹمز میں خریدار بیچنے والے میٹنگز کے انعقاد کے منصوبے شامل تھے۔"

از عدالت سب جج واکورہ اجلاس الطاف احمد میر
باشندگان بن کھاہ گوین واکورہ بذریعہ نثار احمد ملک، شبیر احمد ملک، محمد الطاف ڈگریر ولد حبیب اللہ ڈگریر ساکنان بن کھاہ گوین کورہ گ
۱۔ غلام رسول پڑر ولد حبیب پڑر۔ ۲۔ مشتاق احمد تانترے ولد غلام رسول پڑر۔ ۳۔ زاہد احمد پڑر۔ ۴۔ بلال احمد پڑر پسران غلام رسول پڑر ۵۔ مظفر احمد تانترے ولد مشتاق احمد تانترے ساکنان بن کھاہ گوین کورہ گ
درخواست تحت قاعدہ (1) ضابطہ (8) دیوانی
اشتہار برائے آگاہی ہر خاص و عام
مقدمہ عنوان الصدر میں مدعیان نے مدعا علیہم کے خلاف عدالت ہذا میں بعید نمائندگی دعویٰ استقرار یہ داخل کیا ہے جس کی تاریخ پیشی مورخہ 26-11-06 مقرر ہوئی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص یا اشخاص کو مدعیان کو سالان کی نمائندگی کی کاروائی میں کوئی عذر یا اعتراض ہو گا تو اندر سات یوم یا تاریخ آئندہ پیشی سے قبل حاضر آ کر پیش کریں۔ سب جج واکورہ
St

باقیات: صفحہ اول سے آگے

بقیہ نمبر 1

کے ساتھ ساتھ کسی بھی ضبط شدہ الیکٹرانک آلات کے فرانزک تجزیے کی ہدایت دی۔ میٹنگ میں جیلوں میں مختلف پریزن انٹیلی جنس یونٹوں کے قیام، تمام جیلوں میں بائیومیٹرک سسٹم کی تنصیب، قیدیوں کے لئے ٹیلی میڈیسن سہولیات کی توسیع اور محکمہ جیل خانہ جات میں انسانی وسائل کو مضبوط بنانے پر بھی توجہ مرکوز کی گئی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے مہان پور میں زیر تعمیر ہائی سکیورٹی جیل کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ باقی ماندہ کام کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کریں۔

بقیہ نمبر 2

دورہ کیا اور یہاں جاری کاموں کا جائزہ بھی لیا۔ سب سے خوشی کی بات یہ ہے کہ پہلے یہاں 150 ایم بی بی ایس نشستوں کی بات کی گئی تھی، تاہم اب وزیر موصوف نے اعلان کیا ہے کہ اب جلد ہی 100 ایم بی بی ایس طلبہ کے داخلے شروع کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایمز اونتی پورہ میں او پی ڈی خدمات شروع ہونے سے مریضوں کو علاج و معالجے کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی اور جنوبی کشمیر سمیت پوری وادی کے مریضوں کو کافی راحت ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مرکزی وزیر صحت نے جائزہ اجلاس کے دوران متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ ایمز اونتی پورہ کو جتنی جلد ممکن ہو فعال بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 3

سہولیات سے آراستہ اسپتال اور یہاں شروع کئے جانے والے میڈیکل کالج کیلئے درکار بنیادی ڈھانچے کی تیاری کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے AIIMS اونتی پورہ کیلئے ایم بی بی ایس کی نشستیں 50 سے 100 کرنے کا بھی اعلان کیا۔ انہوں نے صحت و طبی تعلیم کے اس جامع پروجیکٹ کی تکمیل کیلئے جاری کاموں اور پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسروں اور تعمیراتی ایجنسی پر زور دیا کہ وہ باقی کام جلد سے جلد مکمل کریں تاکہ 'آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز' (AIIMS) اونتی پورہ کا جلد سے جلد افتتاح کر کے اس ادارے کو عوام اور طلبہ کیلئے وقف کیا جائے۔ وزیر صحت و طبی تعلیم سکینہ ایتو نے مرکزی وزیر صحت کا خیر مقدم کیا اور جموں و کشمیر میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے مرکزی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ تعاون کو سراہا۔ (AIIMS) اونتی پورہ کو جدید طبی علاج، خصوصی صحت کی دیکھ بھال کی خدمات، طبی تعلیم اور تحقیق کے ایک بڑے مرکز کے طور پر تیار کیا جا رہا ہے، جس سے کشمیر اور ملحقہ علاقوں کے مریض مستفید ہوں گے۔ ادارے کے فعال ہونے کے بعد، خطے میں 'ٹرشری ہیلتھ کیئر' (اعلیٰ سطحی طبی نگہداشت) کی سہولیات مستحکم ہوں گی۔ اس سے مریضوں کو خصوصی علاج کے لیے جموں و کشمیر سے باہر جانے کی ضرورت کم ہوگی اور انہیں جدید طبی خدمات تک بہتر رسائی حاصل ہو سکے گی۔ یہ جائزہ اجلاس، صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور جموں و کشمیر کے عوام کو معیاری اور کم خرچ طبی سہولیات فراہم کرنے کی خاطر مرکزی حکومت اور جموں و کشمیر انتظامیہ کی مسلسل کوششوں کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 4

پوست اور دیگر منشیات کی فصلوں کو بھی تباہ کیا گیا۔ سوجیت کمار نے کہا کہ ان اعداد و شمار کو سامنے رکھنے کا مقصد یہ ظاہر کرنا ہے کہ پولیس زمینی سطح پر سرگرم ہے، تاہم صرف قانونی کارروائی کافی نہیں ہے بلکہ نوجوانوں کو بھی معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ کشمیر پولیس نوجوانوں کی مدد کے لیے ہمیشہ تیار ہے۔ منشیات کی لت میں مبتلا نوجوانوں کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ پولیس ایسے افراد کے مسائل کو سنجیدگی سے لے رہی ہے اور ان کی شناخت کو خفیہ رکھتے ہوئے ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ جو نوجوان منشیات کی لت سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہتے ہیں، وہ کسی بھی پولیس تھانے سے رجوع کر سکتے ہیں۔ پولیس ان کی شناخت کو محفوظ رکھتے ہوئے علاج اور بحالی میں مدد فراہم کرے گی۔ آئی جی پی نے بتایا کہ پولیس کا ڈرگ ری ہیبلیٹیشن سینٹر معمولی اخراجات پر علاج کی سہولت فراہم کر رہا ہے، جہاں مریضوں کو صرف کھانے اور ادویات کے اخراجات برداشت کرنے پڑتے ہیں، جہاں یہ لاگو ہوں۔ منشیات کی اسمگلنگ اور دہشت گردی کے درمیان تعلق پر بات کرتے ہوئے سوجیت کمار نے کہا کہ منشیات کی تجارت سے حاصل ہونے والی رقم ملی ٹینٹ نیٹ ورکس اور ان کے اوور گراؤنڈ ورکرز کی معاونت کے لیے استعمال کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کے کاروبار سے حاصل ہونے والی آمدنی، خواہ اس کے سرغنہ یہاں سرگرم ہوں یا سرحد پار، ان کے اوور گراؤنڈ ورکرز تک پہنچائی جاتی ہے۔ تاہم اس رقم کی صحیح مقدار بتانا مشکل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کشمیر میں آنے والی منشیات کا تعلق سرحد پار علاقوں کے علاوہ ملک کی دیگر ریاستوں سے بھی ہے اور تحقیقات کے دوران منشیات کی سپلائی کے متعدد راستوں کا انکشاف ہوا ہے۔ سرینگر کے ڈاؤن ٹاؤن علاقے میں حال ہی میں بے نقاب کیے گئے منشیات کے بڑے نیٹ ورک کا ذکر کرتے ہوئے آئی جی پی نے کہا کہ پولیس اس کے وسیع تر نیٹ ورک اور جموں و کشمیر سے باہر اس کے روابط کی بھی تحقیقات کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس معاملے میں ملوث افراد کا سراغ لگانے کے لیے چند پولیس ٹیموں کو چنڈی گڑھ اور دیگر ریاستوں میں روانہ کیا گیا ہے۔ اس نیٹ ورک سے مبینہ طور پر تقریباً 7 کروڑ روپے مالیت کی منشیات اور دیگر اشیاء ا کی برآمدگی ہوئی ہے جبکہ متعدد افراد کو گرفتار بھی کیا گیا ہے۔ سوجیت کمار نے کہا کہ ایس ایس پی نے صرف چنڈی گڑھ ہی نہیں بلکہ دیگر ریاستوں میں بھی پولیس ٹیمیں روانہ کی ہیں، جہاں اس نیٹ ورک کے روابط موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحقیقات وسیع پیمانے پر جاری ہیں اور اس کے تمام آگے اور پیچھے کے روابط سامنے لائے جائیں گے۔ سائبر جرائم میں مقامی نوجوانوں کی بڑھتی ہوئی شمولیت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے آئی جی پی نے کہا کہ تحقیقات کے دوران ایسے کئی معاملات سامنے آئے ہیں جن میں کشمیر میں موجود نوجوان سائبر فراڈ کے نیٹ ورکس چلا رہے تھے اور وادی سمیت دیگر علاقوں کے لوگوں کو نشانہ بنا رہے تھے۔ گاندربل میں سامنے آنے والے ایک معاملے کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تحقیقات کے دوران چین سے مبینہ روابط رکھنے والے ایک سائبر فراڈ نیٹ ورک کا انکشاف ہوا، جسے سرینگر میں مقیم ایک نوجوان چلا رہا تھا۔ انہوں نے نوجوانوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ بعض مقامی نوجوان اپنے ہی لوگوں کو دھوکہ دے رہے ہیں، جو انتہائی غلط عمل ہے۔ نوجوانوں کو ایسی غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رہنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 5

زیر انتظام علاقوں یعنی ہماچل پردیش، جموں و کشمیر اور لداخ، جہاں اب تک انتخابی فہرستوں کی خصوصی نظرثانی (SIR) کا عمل شروع نہیں ہوا ہے، وہاں موسم کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے نظرثانی کے شیڈول کا اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا۔ جموں و کشمیر میں انتخابی فہرستوں کی آخری نظرثانی 2024 میں کی گئی تھی۔ تب سے، جموں و کشمیر میں اس طرح کی کوئی سرگرمی انجام نہیں دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 6

لاسی پورہ وادی کشمیر کے اہم صنعتی مراکز میں شمار ہوتا ہے، جہاں متعدد صنعتی یونٹس قائم ہیں۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ سال 2023 میں بھی ایسا ہی ایک واقعہ پیش آیا تھا۔ تاہم، پولیس نے تحقیقات کے بعد چوری شدہ اے ٹی ایم مشینیں برآمد کر لی تھیں اور اس معاملے میں بنگلہ دیشی شہریوں پر مشتمل 3 رکنی گروہ کے ملوث ہونے کا انکشاف کیا تھا۔

بقیہ نمبر 7

اسمبلیاں ہوں، دیہات ہوں یا ملک کا کوئی بھی حصہ ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ نے انتخابی فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی کے معاملے پر پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس طلب کرنے کی اپنی تجویز بھی دہرائی۔ انہوں نے کہا کہ اگر اپوزیشن اس معاملے پر سنجیدہ اور ذمہ دارانہ بحث چاہتی ہے تو اسے پارلیمنٹ کے اندر آ کر اپنا موقف پیش کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 8

ہے۔ ان کے مطابق، تینوں رہنما اس طرح کی کسی گفتگو کے لیے کبھی ایک ساتھ نہیں بیٹھے اور نہ ہی اس نوعیت کی کوئی ملاقات ہوئی۔ انہوں نے سوال کیا کہ جب ایسی کوئی ملاقات ہی نہیں ہوئی تو بات چیت کیسے ممکن تھی؟ سابق وزیر اعلیٰ نے کہا کہ متعلقہ سیاسی تناظر میں عمر عبداللہ کے ساتھ ان کی صرف ایک ملاقات پہلگام میں اپوزیشن رہنماؤں کے اجلاس کے دوران ہوئی تھی، جہاں دیگر سیاسی نمائندے بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ عمر صاحب نے پہلگام میں اپوزیشن رہنماؤں کا اجلاس طلب کیا تھا اور وہاں بھی موجود تھے۔ یہ کوئی الگ یا خصوصی ملاقات نہیں تھی۔ لہٰذا ان کے، فاروق عبداللہ اور عمر عبداللہ کے درمیان مبینہ بات چیت سے متعلق گردش کرنے والی تمام خبریں بالکل غلط ہیں۔ غلام نبی آزاد نے سوشل میڈیا پر غیر مصدقہ خبروں کے پھیلاؤ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسی اطلاعات کو بغیر تصدیق کے حقیقت بنا کر پیش کیا جاتا ہے اور بعد میں سیاسی رہنماؤں سے ان پر ردعمل طلب کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو روز کے دوران انہیں لوگوں کی جانب سے درجنوں ریکارڈنگز موصول ہوئی ہیں، جن میں پوچھا جا رہا ہے کہ کشمیر میں کیا ہو رہا ہے اور کیا وہ روح اللہ صاحب یا کسی دوسرے رہنما کے ساتھ مل کر نئی سیاسی جماعت بنا رہے ہیں۔ انہوں نے ان تمام خبروں کو مکمل طور پر غلط قرار دیا۔ آزاد نے واضح کیا کہ انہوں نے کسی سیاسی رہنما کے ساتھ اس سلسلے میں کوئی بات چیت شروع نہیں کی اور نہ ہی انہیں کسی ممکنہ اتحاد یا نئے سیاسی محاذ کے حوالے سے کوئی پیغام موصول ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نہ تو انہوں نے کسی سے رابطہ کیا ہے اور نہ ہی وہ کسی کے ساتھ ایسے کسی انتظام کے حوالے سے رابطے میں ہیں۔ نہ کوئی ان کے پاس آیا ہے اور نہ ہی انہوں نے کسی سے رابطہ کیا ہے۔ کشمیر پہنچنے اور سیاسی مشاورت میں حصہ لینے سے متعلق خبروں کو مسترد کرتے ہوئے آزاد نے کہا کہ وہ اس وقت نئی دہلی میں موجود ہیں اور ان کا فی الحال جموں و کشمیر آنے کا کوئی پروگرام نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ سیاسی جماعتوں میں شامل ہوتے ہیں اور پھر انہیں چھوڑ بھی دیتے ہیں۔ وہ خود بھی اندرونی مسائل کی وجہ سے کانگریس چھوڑ چکے ہیں۔ ان کے مطابق، نیشنل کانفرنس میں بھی اپنے اندرونی مسائل ہو سکتے ہیں اور یہ ان کا ذاتی معاملہ ہے، جس میں وہ مداخلت نہیں کرنا چاہتے۔ آزاد نے نیشنل کانفرنس کو ایک بڑی سیاسی جماعت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کا سیاسی قد و قامت تقریباً کانگریس جیسا ہے اور اسے ملک کی بڑی سیاسی جماعتوں میں شمار کیا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 9

اجلاس کی کارروائی میں حصہ لیا اور محبوبہ مفتی کی دوبارہ صدارت کے لیے متفقہ حمایت کا اظہار کیا۔ انہوں نے 2003 میں اپنے والد اور پارٹی کے بانی، مفتی محمد سعید کے بعد پارٹی کی صدارت سنبھالی تھی۔

بقیہ نمبر 10

بولی بازار، ٹی چوک، بس اسٹینڈ اور کیفے میرا چوک کے راستے آگے بڑھیں گی۔ کیفے میرا چوک کی جانب سے تجارتی گاڑیوں کو بس اسٹینڈ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اس کے علاوہ مقررہ راستوں پر صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک مال بردار گاڑیوں میں سامان لادنے اور اتارنے پر بھی مکمل پابندی عائد رہے گی۔ حکام کا کہنا ہے کہ اس حکم کا مقصد ٹریفک کی نقل و حرکت کو منظم کرنا اور خاص طور پر بس اسٹینڈ، ٹی چوک، بولی بازار اور ان سے ملحقہ علاقوں میں ٹریفک جام کی صورتحال سے بچنا ہے۔

بقیہ نمبر 11

مجوزہ ریلوے لائن ہماچل پردیش کے بلاسپور، سندر نگر، منڈی، منالی، بسسو، درچا، کیلانگ، سرچو، پانگ، روتسے، اپشی اور خلاڑو سے گزرتے ہوئے لیہہ پہنچے گی۔ اس منصوبے کا ایک بڑا چیلنج پہاڑوں کے اندر سرنگوں کی تعمیر ہے، کیونکہ تقریباً 270 کلومیٹر ریلوے لائن سرنگوں سے گزرنے کی تجویز ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ منصوبہ نہ صرف لداخ میں آمد و رفت کو آسان بنائے گا بلکہ دفاعی اور اسٹریٹجک لحاظ سے بھی اہمیت رکھتا ہے۔

بقیہ نمبر 12

برن ہال سکول سری نگر سے جہاں انہوں نے پانچویں جماعت تک تعلیم حاصل کی، اپنے سکول کے دنوں کی خوشگوار یادیں تازہ کیں اور تعلیم و کردار سازی میں اس ادارے کی دیرپا خدمات کو سراہا۔ انہوں نے ڈائیوسیز آف جموں۔ سری نگر ایجوکیشن سوسائٹی کی تعلیمی شعبے میں نمایاں خدمات کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ سوسائٹی جموں و کشمیر اور لداخ میں 24 سکول چلا رہی ہے جن میں تقریباً 28,000 طلباء زیر تعلیم ہیں اور یہ ادارہ تقریباً 1,600 افراد کو روزگار فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی تعلیمی ادارے کی اصل کامیابی ایسے افراد کی پرورش میں ہے جو صحیح اور غلط میں فرق کر سکیں اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے آزادانہ سوچ اور تجسس کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے طلبا پر زور دیا کہ وہ سوالات پوچھنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں اور خیالات کو چیلنج کرنے اور جوابات تلاش کرنے کا اعتماد پیدا کریں۔ انہوں نے کہا، "کوئی سوال احمقانہ نہیں ہوتا، صرف جوابات احمقانہ ہو سکتے ہیں۔" انہوں نے طلبا کو متجسس رہنے اور چیزوں کے پیچھے 'کیوں' اور 'کیسے' کو سمجھنے کی ترغیب دی۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر کو ایک ایسی نسل کی ضرورت ہے جو موجودہ طور طریقوں پر سوال اٹھائے، اپنے اردگرد کے حالات کو سمجھے اور حالات کو بہتر بنانے کے راستے تلاش کرنے کے لئے تیار ہو۔ وزیر اعلیٰ نے کہا، "جو نسل سوال پوچھنے میں خوش ہو، وہ ہم سب کو جوابدہ بنائے گی۔ اور اگر ہم جوابدہ ہوں گے تو آنے والا کل کا جموں و کشمیر بہتر ہوگا۔" وزیر اعلیٰ نے کامیابی حاصل کرنے والے ہونہار طلبا کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کی شاندار تعلیمی کامیابیوں کو سراہا اور 25 سالہ پُرعزم خدمات مکمل کرنے والے ملازمین کی تعلیمی مشن کے تئیں ان کی لگن کی ستائش کی۔ انہوں نے ایجوکیشن سوسائٹی کی فیکلٹی، عملے اور انتظامیہ کی بھی سراہنا کی کہ ان کی شاندار کاوشوں کی بدولت ان کے ادارے نہ صرف تعلیم دیتے ہیں بلکہ ایسے ہمہ جہت انسان بھی تیار کرتے ہیں جو اقدار، ہمدردی اور ذمہ داری کے احساس سے آراستہ ہوں۔ سوسائٹی نے 2025-26 کے تعلیمی سال میں دسویں اور بارہویں جماعت کے بورڈ امتحانات میں مجموعی طور پر 99 فیصد کامیابی کا ریکارڈ قائم کیا۔ وزیر اعلیٰ نے یہ مشہور شعر پیش کیا

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے،
خدا بندے سے خود پوچھے، بتا تیری رضا کیا ہے

انہوں نے کہا کہ تمام تر کامیابیوں سے بڑھ کر، سب سے اہم ذمہ داری یہ ہے کہ انسان ایک اچھا انسان بنا رہے اور دوسروں کے ساتھ مہربانی اور ہمدردی کا برتاؤ کرے۔ انہوں نے کہا، "خود کو ایسا انسان بنائیے کہ جب آپ کا مستقبل لکھا جا رہا ہو تو اللہ تعالیٰ آپ سے پوچھے کہ آپ کیا چاہتے ہیں۔"

باقیات: صفحہ دوم سے آگے

101

اور تین ماہ کی سرمائی ذخیرہ اندوزی کے انتظامات مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے ایف سی آئی حکام کو محکمہ کو معیاری غذائی اجناس فراہم کرنے کی بھی ہدایت دی۔ پٹرولیم مصنوعات کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے کمشنر سیکریٹری نے متعلقہ ضلعی انتظامیہ کو ہدایت دی کہ ایسے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کی نشاندہی کی جائے جہاں فی الحال پٹرول پمپ کی سہولیات دستیاب نہیں ہیں۔ انہوں نے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں (او ایم سیز) کے ساتھ مشاورت کر کے مناسب طریقہ کار وضع کرنے پر زور دیا، تاکہ محکمہ کے زیر انتظام پٹرول پمپ قائم کیے جا سکیں اور عام لوگوں، خصوصاً ہنگامی حالات کے دوران، کو سہولت فراہم کی جا سکے۔

102

بورڈ ممبر ایل ای اے ڈی سنجیو شرما، جموں توی آرتی کے اراکین تپن دوبے اور وجے کمار گپتا شامل تھے۔ انہوں نے لیفٹیننٹ گورنر کو 18 سے 20 دسمبر 2026 تک توی ریور فرنٹ پر منعقد ہونے والے آئندہ ایل جے کے مہا اتسو-2026 کی تیاریوں کے بارے میں جانکاری دی۔ انہوں نے توی آرتی کے دائرہ کار کو وسیع کرنے، آرتی مستقل پر سہولیات کی بہتر بنانے، توی ریور فرنٹ پر 'مہا یگیہ' کے انعقاد اور کٹرہ میں مجوزہ 'انٹرنیشنل میوزیم آف گاڈیس' کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر لیفٹیننٹ گورنر کو ایل ای اے ڈی کا سالانہ رسالہ 'سماریکا' بھی پیش کیا گیا۔ دریں اثنا جیولرز ایسوسی ایشن جموں کے ایک وفد جس کی قیادت اس کے صدر رینک کپور کر رہے تھے، نے آج لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔

103

ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحوم کی مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، جبکہ پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

104

میں جموں و کشمیر کے مختلف علاقوں میں ضلعی سطح پر پیدل مارچ، یوتھ سمیلن، عوامی رابطہ پروگرام اور اسمبلی حلقہ وار ممتاز شہریوں کی کانفرنسیں شامل ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ ان پروگراموں کے ذریعے اپوزیشن کی جانب سے بدامنی پیدا کرنے، ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی (ایس آئی آر) کے بارے میں غلط معلومات پھیلانے اور من گھڑت تنازعات کے ذریعے سیاسی ایجنڈے کو آگے بڑھانے کی کوششوں کو بے نقاب کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران پارٹی عہدیداران، مورچوں، سیلوں اور مختلف تنظیمی اکائیوں کی جانب سے جاری تنظیمی پروگراموں اور سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا۔ اجلاس میں بی جے پی کی نائب صدر ریکھا مہاجن، جنرل سیکریٹریز بلدیو سنگھ بلوریہ، سنجیتا ڈوگرا اور گوپال مہاجن، سیکریٹریز اروناں شرما اور پون شرما، خزانچی پربھات سنگھ جموال، دفتر سیکریٹری تلک گپتا، میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا، سوشل میڈیا انچارج ڈاکٹر میکسن ٹیلو، آئی ٹی انچارج گورو ملگوترا، ترجمانوں بلبیر رام رتن، ڈاکٹر ہری دت شیشو اور کرم ملہوترا، آرگنائزنگ سیکریٹری اندر جیت شرما، ضلعی صدور ایڈووکیٹ راجیش گپتا، نریش سنگھ جسروٹیا، کلدیپ راج شرما، یوراج شرما اور رگھو چودھری سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں مورچہ صدور اروناں پربھات، برہم جیوت ستی، دھرمندر کمار، چودھری عبدالغنی، رنجودھ سنگھ نلوا، نیہا مہاجن، راکیش پنت اور نوین شرما کے علاوہ لوویش گپتا، سنجے بخشی، روہن چندن اور پارٹی کے دیگر سینئر رہنما بھی موجود تھے۔ اجلاس کی کارروائی بلدیو سنگھ بلوریہ نے چلائی، جبکہ اظہار تشکر گوپال مہاجن نے پیش کیا۔

105

ادیبوں، قلمکاروں اور شعراء کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان کی شرکت پر اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ اکیڈیمی کی "گلشنِ تارکہ" پروگرام سیریز کا بنیادی مقصد کشمیری زبان و ادب کی ان اہم شخصیات کی زندگی، ادبی کارناموں اور خدمات کو منظر عام پر لانا ہے جنہوں نے اپنی تخلیقی صلاحیتوں، فکری بصیرت اور عملی جدوجہد سے زبان و ادب کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محمد احسن احسن کی شخصیت اس حوالے سے خصوصی اہمیت کی حامل ہے کہ انہوں نے ادبی تخلیق کے ساتھ ساتھ ادبی تنظیم سازی اور انجمنوں کے ذریعے اہل قلم کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرنے میں بھی قابل قدر خدمات انجام دیں۔ تقریب کی صدارت معروف قلمکار اور دانشور عبدالاحد حاجنی نے کی، جبکہ جے کے اے ایس آفیسر امتیاز انجم، ڈاکٹر غلام نبی حلیم، ادبی مرکز کمراز کے صدر محمد امین بٹ، حلقہ ادب سوناواری کے صدر شاکر شفیع اور ایڈیٹر کشمیری جاوید اقبال خان ایوانِ صدارت میں موجود تھے۔ اپنے صدارتی خطبے میں عبدالاحد حاجنی نے محمد احسن احسن کی ادبی و تخلیقی شخصیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ کسی بھی زبان و ادب کی ترقی میں ایسے اہل قلم کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہوتا ہے جو اپنی تخلیقی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ ادبی سرگرمیوں کے فروغ اور اہل قلم کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے لیے بھی سرگرم عمل رہتے ہیں۔

106

دستیاب ؟ا گئی، قانونی، سیاسی اور جمہوری فورم پر اپنی آواز بلند کی۔ سپریم کورٹ میں اس فیصلے کو چیلنج کرنے کیلئے قانونی جنگ لڑی اور اپنے موقف کے دفاع میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی۔ اگرچہ سپریم کورٹ کا فیصلہ ہمارے موقف کے مطابق نہیں آیا، لیکن اس سے ہمارا اصولی موقف اور جدوجہد ختم نہیں ہوگی۔ ماضی میں اسی عدالت عظمیٰ نے دو مرتبہ دفعہ 370 کو آئین ہند کی مستقل دفعہ قرار دیا تھا۔ نیشنل کانفرنس نے عدالتی فیصلے کے باوجود اپنی جدوجہد ترک نہیں کی بلکہ اسے مزید منظم اور وسیع کیا۔ پارلیمنٹ سے لے کر جموں و کشمیر اسمبلی تک، سڑکوں سے لے کر عوامی جلسوں تک، نیشنل کانفرنس نے ہر فورم پر خصوصی پوزیشن کی بحالی کا مطالبہ پوری قوت کے ساتھ اٹھایا ہے۔ ہمارے منتخب ممبران پارلیمان کو ملک کے سب سے بڑے جمہوری ایوان میں جموں و کشمیر کے حقوق اور عوامی جذبات کی ترجمانی کیلئے بھیجا گیا، لیکن افسوس کہ ایک کو دلی کی ہوا راس نہیں آئی اور اس نے مرکزی حکومت اور بی جے پی کی پالیسیوں کو چیلنج کرنے کے بجائے اپنی ہی جماعت کے خلاف محاذ آرائی شروع کر دی۔ بی جے پی، آر ایس ایس اور مرکزی حکومت کی پالیسیوں کیخلاف نہ بول اور اپنی ہی جماعت کو ہر تیغ پر نشانہ بنانے کر موصوف نے کس کے ایجنڈے کو تقویت بخشی؟ انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس نے راجیہ سبھا میں اپنے نمائندے بھیج کر بھی دفعہ 370 اور 35A کی بحالی کا مطالبہ پوری شدومد کے ساتھ اٹھایا۔ اسمبلی انتخابات کے دوران عوام سے کئے گئے وعدے کے عین مطابق نئی اسمبلی کے پہلے ہی اجلاس میں جموں و کشمیر کی خصوصی پوزیشن کی بحالی سے متعلق قرارداد بھاری اکثریت سے منظور کروائی۔

107

اور سرگرمیوں کے بارے میں جانکاری دی۔ انہوں نے کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے چلائی جا رہی مختلف اسکیموں، تربیتی پروگراموں اور عملی مظاہروں کے بارے میں بھی تفصیلی روشنی ڈالی۔ ایس کے یو اے ایس ٹی کشمیر کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر نذیر احمد نے موسم سرما میں مویشیوں کی دیکھ بھال کے موضوع پر تفصیلی لیکچر دیا۔ انہوں نے سخت سردی کے دوران مویشیوں کے لیے مناسب رہائش، خوراک، صحت کی دیکھ بھال اور سرد موسم کے مضر اثرات سے بچاؤ کے طریقوں پر روشنی ڈالی۔ سائنسدان ڈاکٹر سہیل نے چارے کی پیداوار اور انتظام کے حوالے سے خطاب کرتے ہوئے معیاری چارے کی اہمیت، بہتر اقسام اور مویشیوں کے لیے سال بھر چارے کی دستیابی یقینی بنانے کے طریقوں سے آگاہ کیا۔ محکمہ رورل فارسٹری کے رینج آفیسر نے جنگلات کے تحفظ اور شجر کاری کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کسانوں پر زور دیا کہ وہ ماحولیاتی توازن برقرار رکھنے اور مویشیوں کے لیے چارے کی دستیابی یقینی بنانے کی خاطر جنگلات کا تحفظ کریں اور زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں۔

108

رہنے والوں تک پہنچیں۔ انہوں نے ایک اہم ہدایت میں تمام متعلقہ محکموں سے کہا کہ وہ 'نیتی آیوگ' اور وزارت قبائلی امور کے رہنما خطوط کے مطابق 'ٹرائبل سب پلان (ٹی ایس پی)' کے تحت قبائلی کمیونٹیوں کے لئے ترقیاتی فنڈز کی مناسب اور منصفانہ تقسیم کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ قبائلی بہبود کے لئے مختص رقوم قبائلی آبادی اور ان کی ترقیاتی ضروریات کے عین مطابق ہونی چاہئیں۔ اس کے علاوہ اس مقصد کے لئے مختص فنڈز کا موثر استعمال کیا جائے تاکہ بنیادی ڈھانچے، تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع میں موجود کمیوں کو دور کیا جا سکے۔ جاوید رانا نے کہا کہ قبائلی ترقی پوری انتظامیہ کی اجتماعی ذمہ داری ہے اور اسے صرف 'محکمہ قبائلی امور' پر ہی چھوڑا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے دیہی ترقی، تعلیم، صحت، زراعت، مویشی پروری، سماجی بہبود، سکل ڈیولپمنٹ اور دیگر محکموں کے درمیان بہتر ہم آہنگی پر زور دیا تاکہ قبائلی کمیونٹیوں کی مربوط اور پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ 'جن جاتیہ گورو پکھواڑا' کے دوران قبائلی بستیوں میں خصوصی کیمپ لگا کر ایسے مستحق کنبوں کی نشاندہی کی جائے جو اب تک مختلف سکیموں کے دائرہ کار سے باہر رہ گئے ہیں۔ وزیر برائے قبائلی امور نے ضلع ترقیاتی کمشنروں اور ضلعی افسران سے کہا کہ وہ رہائش، وظائف، صحت، سماجی تحفظ، ہنرمندی، روزگار اور دستکاری کی سکیموں کے تحت اہل قبائلی گھرانوں کی زیادہ سے زیادہ کوریج کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ 'جن جاتیہ گورو پکھواڑا' کی کامیابی صرف منعقد کیے گئے پروگراموں کی تعداد میں نہیں بلکہ قبائلی کنبوں کو ملنے والے حقیقی فوائد سے ماپی جانی چاہیے۔

109

جائزہ لیا اور مختلف عدالتی فورمز کے سامنے بروقت جوابات، مناسب ہم آہنگی اور حکومت کی موثر نمائندگی کی ضرورت پر زور دیا۔ میٹنگ میں عوام کو قانونی معلومات اور خدمات تک رسائی آسان بنانے کے لئے شروع کئے گئے ڈیجیٹل اقدامات اور آن لائن سروس ڈیلیوری کے نظام میں ہونے والی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ علی محمد ساگر نے عدالتی بنیادی ڈھانچے کی ترقی کا بھی جائزہ لیا جس میں جاری کام، مکمل شدہ منصوبوں اور دیگر ڈھانچہ جاتی ضروریات کی پیش رفت شامل تھی۔ انہوں نے منصوبوں کی بروقت تکمیل، موثر نگرانی اور متعلقہ محکموں کے درمیان قریبی ہم آہنگی کی اہمیت پر زور دیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ عدالتی بنیادی ڈھانچے کو ایک منصوبہ بند اور مقررہ مدت کے اندر مضبوط کیا جائے۔

110

اس میں دو شاپنگ ہال، ایک واش روم، ایک دفتر، ایک باورچی خانہ، ایک سٹور اور احاطے کی فیصل بندی شامل ہوں گی۔ جاوید ڈار نے تعمیراتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران اور تعمیراتی ایجنسی کو ہدایت دی کہ تعمیراتی معیار کے اعلیٰ ترین اصولوں کو برقرار رکھا جائے، منظور شدہ ڈیزائن اور تکنیکی معیارات پر سختی سے عمل کیا جائے اور منصوبے کی رفتار میں تیزی لاتے ہوئے اسے مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے تعمیر کے ہر مرحلے پر موثر نگرانی اور باقاعدہ معائنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ معیار، حفاظت اور دیرپائی پر کوئی سمجھوتہ کئے بغیر منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے عوامی بنیادی ڈھانچے کو مقامی اقتصادی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کو شفافیت، جوابدہی اور عوامی فلاح و بہبود کے پختہ عزم کے ساتھ چلایا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سپر بازار کی تکمیل سے علاقے میں تجارتی بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے، مقامی تاجروں کو سہولیات فراہم کرنے اور بیلو سمیت ملحقہ علاقوں کے لوگوں کے لئے کاروبار کے بہتر مواقع پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔ دورے کے دوران وزیر موصوف کے ہمراہ محکمہ امداد باہمی کے سینئر افسران اور دیگر متعلقہ حکام بھی تھے۔

111

متعلقہ حصے سے گاڑیوں کی آمد و رفت کی اجازت نہ دی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کنڈی بریک کا بھی دورہ کیا، جہاں انہوں نے مقامی باشندوں سے بات چیت کی اور اندرون آبی نقل و حمل کے تحت مجوزہ جیٹی اسٹیشن کے لیے منتخب مقام کا جائزہ لیا۔ مقامی لوگوں نے اس مقام کے انتخاب کو سراہتے ہوئے اس اقدام کا خیر مقدم کیا۔ مقامی باشندوں نے نشاندہی کی کہ علاقے کی موجودہ سڑک، جو تقریباً ایک کلومیٹر طویل ہے، کافی تنگ ہے اور اسے کشادہ کرنے کی ضرورت ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے مقامی لوگوں کے خدشات کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو اس تجویز کا جائزہ لینے اور ضروری کارروائی شروع کرنے کی ہدایت دی۔

112

شیعہ برادری اور مسلم رضا کار تنظیمیں شامل ہیں، جو سماجی، تعلیمی اور ثقافتی سرگرمیوں میں سرگرم عمل ہیں۔ ٹرسٹ کا کہنا ہے کہ مسلم برادری کی فلاح و بہبود، تعلیم، مذہبی اور ثقافتی ترقی کے لیے بنیادی سطح پر نمایاں خدمات انجام دینے والی تنظیمیں اس اہم قانونی ادارے میں مناسب نمائندگی کی مستحق ہیں۔ ایڈووکیٹ مجوہ نے کہا کہ حقیقی معنوں میں سرگرم مسلم رضا کار تنظیموں اور اہم سماجی و مذہبی نمائندوں کو نظر انداز کرنا شمولیتی نمائندگی کے بنیادی تصور کے منافی ہے اور اس سے مسلم برادری کے جائز مفادات متاثر ہو سکتے ہیں۔ ٹرسٹ نے اس سنجیدہ محرومی کو ایک سنجیدہ معاملہ قرار دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ سے اپیل کی ہے کہ وہ ذاتی طور پر اس معاملے کا نوٹس لیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ریاستی حج کمیٹی کی تشکیل میں مسلم برادری کی امنگوں، تنوع اور جائز مفادات کی عکاسی ہو۔ اسلامک ریلیف اینڈ ریسرچ ٹرسٹ نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ریاستی حج کمیٹی کی موجودہ تشکیل پر نظرثانی کر کے قانون کی متعلقہ دفعات کے مطابق اہل مسلم رضا کار تنظیم۔

113

شعبوں کی نشاندہی کرنے کا موقع بھی ملا۔ موسم سرما کی آمد اور ڈل جھیل کی موسمی خوبصورتی میں اضافے کے پیش نظر وائس چیئرمین نے جھیل کی صفائی، دیکھ بھال اور قدرتی حسن کو برقرار رکھنے پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ سرینگر کے دلکش سرمائی مناظر کے پس منظر میں واقع ڈل جھیل ایک نہایت حسین منظر پیش کرتی ہے اور اس کی خوبصورتی کو محفوظ رکھنے اور مزید نکھارنے کے لیے مسلسل کوششیں جاری رکھنا ضروری ہیں۔ انہوں نے تمام متعلقہ ٹیموں کو ہدایت دی کہ وہ فعال انداز میں کام کریں تاکہ موسم سرما کے دوران ڈل جھیل اور اس کے گرد و نواح کو صاف ستھرا، خوشگوار اور بہتر حالت میں رکھا جا سکے، جس سے مقامی باشندوں، سیاحوں اور دیگر زائرین کو سہولت حاصل ہو۔ وائس چیئرمین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اتھارٹی ڈل جھیل کے ماحولیاتی تحفظ کے ساتھ ساتھ اس کی صفائی، قدرتی حسن اور مجموعی کشش کو برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ یہ ہر موسم میں سرینگر کے اہم ترین قدرتی ورثوں میں اپنی منفرد حیثیت برقرار رکھ سکے۔

سپورٹس ٹائمز

Sports Times



کرسٹیانو رونالڈو کا بین الاقوامی فٹ بال کو الوداع

لزبن، ۵ نومبر (یو این آئی) پرتگال کے عظیم فٹ بالر کرسٹیانو رونالڈو نے جمعرات کو بین الاقوامی فٹ بال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ اس فیصلے کے ساتھ ہی ۴۱ سال پر محیط ان کے شاندار بین الاقوامی کریئر کا اختتام ہو گیا۔ ۴۱ سالہ اسٹار کھلاڑی نے سوشل میڈیا پر جاری ویڈیو پیغام میں کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ وہ قومی ٹیم کی مشعل نہر ے جرسی آنے والی نسل کے حوالے کر دیں۔ رونالڈو نے اپنے الوداعی پیغام میں کہا، "پرتگال کے عوام، اب وقت آ گیا ہے کہ میں قومی ٹیم کی نہر ے جرسی آپ سب کو واپس سونپ دوں۔ میں نے کبھی یہ نہیں سمجھا کہ یہ جرسی صرف میری ہے، لیکن ۲۳ سال تک اسے پہننے، اس کا وقار برقرار رکھنے اور دنیا بھر کے اسٹیڈیموں میں اس کی نمائندگی کرنے کا اعزاز اور ذمہ داری مجھے حاصل رہی۔ اب اسے آنے والی نسل کے حوالے کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ یہ آسان فیصلہ نہیں تھا، کیونکہ کچھ فیصلے صرف دماغ سے نہیں بلکہ دل سے بھی کیے جاتے ہیں۔" رونالڈو نے ۲۰۰۳ میں اپنے بین الاقوامی کریئر کا آغاز کیا تھا۔ انہوں نے یورو ۲۰۰۴ سے لے کر ۲۰۲۶ کے فیفا ورلڈ کپ تک پرتگال کی نمائندگی کی اور چھ عالمی کپ ٹورنامنٹس میں حصہ لینے والے دنیا کے دو کھلاڑیوں میں شامل رہے۔ وہ پرتگال کی جانب سے سب سے زیادہ بین الاقوامی گول کرنے اور سب سے زیادہ میچ کھیلنے والے کھلاڑی ہیں۔ انہوں نے ۲۳۳ میچوں میں ۱۳۶ گول اسکور کیے۔ ان کی قیادت میں پرتگال نے ۲۰۱۶ میں یورپی چیمپئن شپ اور ۲۰۱۹ اور ۲۰۲۵ میں یو ای ایف اے نیشنز لیگ کے خطاب جیتے۔ رونالڈو کے بین الاقوامی کریئر کا اختتام گزشتہ ماہ قومی ٹیم کے کوچ جارج جیسس کے ساتھ اختلافات کے بعد ہوا۔ اطلاعات کے مطابق نیشنز لیگ کے ایک میچ میں کوچ نے انہیں ٹیم میں شامل نہیں کیا تھا، جس کے بعد دونوں کے درمیان اختلاف پیدا ہوا اور رونالڈو نے ٹیم کا تربیتی کیمپ چھوڑ دیا۔ اس واقعے کے بعد ان کے بین الاقوامی مستقبل کے بارے میں قیاس آرائیاں شروع ہو گئی تھیں۔ اپنے سفر کو یاد کرتے ہوئے رونالڈو نے کہا کہ ان کے کریئر میں کئی یادگار فتوحات کے ساتھ مشکل لمحات بھی آئے۔ ان سے غلطیاں بھی ہوئیں اور بعض مواقع پر وہ اپنے ملک کے عوام کی توقعات پر پورا نہیں اتر سکے، لیکن پرتگال کی نمائندگی کے لیے ان کا جذبہ کبھی کم نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں ہمیشہ اپنے ملک کے لیے کھیلنے پر فخر رہا ہے اور انہوں نے کبھی ہمت نہیں ہاری۔ رونالڈو نے اپنے ساتھی کھلاڑیوں، کوچز، انتظامی عہدیداروں، ڈاکٹروں، فزیو تھراپسٹ اور معاون عملے کے علاوہ اپنے اہل خانہ کا بھی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان تمام لوگوں کی مدد کے بغیر یہ سفر ممکن نہیں تھا۔ انہوں نے اپنے اہل خانہ کا خاص طور پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ان کی غیر موجودگی، قربانیوں اور مصروفیات کو سمجھا اور ہر قدم پر ان کا ساتھ دیا۔

نیمار نے رونالڈو کو لیجنڈ قرار دیا



لزبن، 5 نومبر (یو این آئی) پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کی انٹرنیشنل فٹبال سے ریٹائرمنٹ کے اعلان پر کھیلوں کی دنیا سے ردعمل سامنے آنے لگا ہے۔ برازیل کے معروف فٹبالر نیمار جونیئر نے بھی ایک لفظ میں ان کی عزت افزائی کی۔ 41 سالہ رونالڈو نے انسٹاگرام پر اپنے فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وہ نومبر کے انٹرنیشنل بریک کے بعد پرتگال کی نمبر 7 جرسی کو ہمیشہ کے لیے کہہ دیں گے۔ ان کا بین الاقوامی کیریئر 2003 میں شروع ہوا تھا۔ نیمار نے سوشل میڈیا پر پرتگالی لفظ "لینڈا" لکھ کر رونالڈو کو خراجِ تحسین پیش کیا، جس کا مطلب "لیجنڈ" ہے۔ رونالڈو پرتگال کی جانب سے سب سے زیادہ میچ کھیلنے اور گول کرنے والے کھلاڑی ہیں۔ انہوں نے 234 بین الاقوامی مقابلوں میں 146 گول اسکور کیے۔ ان کی قیادت میں پرتگال نے 2016 میں پہلی بار یورپین چیمپئن شپ اور 2019 اور 2025 میں یوئیفا نیشنز لیگ کے خطاب جیتے۔ نیمار اور رونالڈو اپنے کیریئر کے بیشتر حصے میں حریف رہے، تاہم دونوں ایک دوسرے کا احترام کرتے ہیں۔

ہیکاتا نے جوکووچ کو ہرایا



پیرس، 5 نومبر (یو این آئی) آسٹریلیا کی رنکی ہیکاتا نے بدھ کو رولینگس پیرس ماسٹرز میں بڑا الٹ پھیر کرتے ہوئے سات مرتبہ کے چیمپئن نوواک جوکووچ کو 6-2، 3-6، 6-3 سے شکست دے کر تیسرے راؤنڈ میں جگہ بنالی۔ اس ہار کے ساتھ ہی جوکووچ کی بنوائے ٹی پی اے ٹائٹلز کے لیے کوالیفائی کرنے کی امیدیں بھی ختم ہو گئیں۔ دنیا کے 83ویں نمبر کے کھلاڑی ہیکاتا نے دو گھنٹے 13 منٹ تک جاری رہنے والے مقابلے میں پہلے سیٹ میں شکست کے بعد شاندار واپسی کی۔ انہوں نے جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے سربیا کے اسٹار کھلاڑی کی رفتار پر قابو پایا اور تین لائن ریلیز میں انہیں پیچھے چھوڑ دیا۔ یہ 2026 میں ٹاپ 20 کھلاڑیوں کے خلاف ہیکاتا کی چوتھی کامیابی ہے اور ان کی یہ تمام فتوحات اسی سال حاصل ہوئی ہیں۔

پنت انڈیا اے کے تیسرے میچ سے باہر



بنگلورو، ۴ نومبر (یو این آئی) وکٹ کیپر بلے باز رشبھ پنت پسلیوں کے قریب پٹھوں میں کھنچاؤ سے صحت یاب ہو رہے ہیں، جس کے باعث وہ بدھ سے لکھنؤ میں نیوزی لینڈ اے کے خلاف ہونے والے تیسرے میچ میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔ پنت اس وقت بنگلورو کے سینٹر آف ایکسی لینس میں بحالی کے عمل سے گزر رہے ہیں۔ ان کی انجری نے نیوزی لینڈ کے خلاف ۱۹ نومبر سے ویلنگٹن کے نیشنل ریزرو میں شروع ہونے والی دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں شرکت پر بھی سوالیہ نشان لگا دیا ہے۔ ٹیسٹ کرکٹ کے ماہر تیز گیند باز جسپریت بمراہ اور آل راؤنڈر روبیدر جڈیجہ اپنی تیاری کے تحت تیسرے میچ میں کھیلیں گے۔ ون ڈے انٹرنیشنل کے نائب کپتان شبمن گل ورماء پنت کی جگہ لینے کے لیے لکھنؤ میں انڈیا اے ٹیم سے جڑ گئے ہیں۔ بمراہ نے ہندوستان واپسی کے بعد دو دن تک ٹیم کے ساتھ پریکٹس کی ہے، جبکہ جڈیجہ سوراشٹر کی جانب سے دو روزہ لال میچ کھیل کر اس مقابلے میں شرکت کریں گے۔ ان میچوں میں انہوں نے مجموعی طور پر سات وکٹیں حاصل کرنے کے ساتھ ایک سنچری بھی بنائی۔ دھرو جریل انڈیا اے کی کپتانی جاری رکھیں گے۔ ٹیم میں تنیش کمار ریڈی بھی شامل ہیں، جو تیز گیند بازی کرنے والے آل راؤنڈر ہیں اور بدھ تک ہندوستانی ون ڈے ٹیم کا حصہ تھے۔ اگر پنت نیوزی لینڈ کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز سے قبل مکمل طور پر صحت یاب نہیں ہو پاتے ہیں تو جریل وکٹ کیپنگ کی ذمہ داری سنبھال سکتے ہیں۔ اس دوران پرسدھ کرشنا کی بھی انڈیا اے کے میچ میں شمولیت کا امکان ہے۔ وہ ٹیم اسٹرنگ میں کھنچاؤ کے باعث گزشتہ تین ہفتوں سے بحالی کے عمل سے گزر رہے تھے اور اب میچ کے لیے فٹنس حاصل کر چکے ہیں۔ انہیں تمام فارمیٹس میں کھیلنے کی منظوری مل گئی تھی، تاہم ٹیسٹ سیریز کے لیے فٹ رکھنے کی غرض سے ون ڈے ٹیم میں واپس شامل نہیں کیا گیا۔ ان کی جگہ جموں و کشمیر کے تیز گیند باز عاقب نبی کو ون ڈے ٹیم میں شامل کیا گیا ہے، جو بصورت دیگر انڈیا اے کے تیسرے میچ میں کھیلنے والے تھے۔

منو بھاکر اور سورچی فائنل میں



نئی دہلی، 5 نومبر (یو این آئی) ہندوستان کی منو بھاکر اور سوربھی اندر سنگھ نے جمعرات کو آئی ایس ایس ایف عالمی شوٹنگ چیمپئن شپ میں خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے کے فائنل میں جگہ بنالی۔ دونوں کھلاڑیوں نے سینیام کے ساتھ مل کر مکس مقابلے میں چاندی کا تمغہ بھی حاصل کیا۔ پیرس اولمپکس 2024 میں دو کانسے کے تمغے جیتنے والی منو بھاکر نے کوالیفائنگ راؤنڈ میں 583 پوائنٹس کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کر کے فائنل کے لیے کوالیفائی کیا۔ سورچی نے 580 پوائنٹس کے ساتھ آٹھویں مقام پر رہتے ہوئے فائنل میں جگہ بنائی۔ چین کی جیانگ رن ٹین 585 پوائنٹس کے ساتھ کوالیفائنگ میں سرفہرست رہیں، جبکہ ہندوستان کی تیسری کھلاڑی سینیام 575 پوائنٹس کے ساتھ 22ویں مقام پر رہیں اور انفرادی فائنل میں جگہ نہیں بنا سکیں۔ تاہم تمام مقابلے میں سینیام کی کارکردگی اہم رہی۔ منو، سورچی اور سینیام کے مجموعی 1738 پوائنٹس نے ہندوستان کو چاندی کا تمغہ دلایا، جبکہ چین نے 1745 پوائنٹس کے ساتھ طلائی تمغہ جیتا۔

اجیت رام کی آل راؤنڈ کارکردگی



بنگلورو، 5 نومبر (یو این آئی) عمل تاؤ کے ایس اجیت رام نے فرسٹ کلاس کرکٹ میں اپنی پہلی سنچری اور ایک اننگز میں سات وکٹیں حاصل کر کے دن کی سب سے نمایاں کارکردگی پیش کی، جبکہ ممبئی نے ریلویز کو سخت مقابلے کے بعد 106 رن سے شکست دے کر رنجی ٹرافی کے جمعرات کے مقابلوں میں توجہ حاصل کی۔ اجیت رام کی شاندار آل راؤنڈ کارکردگی کی بدولت عمل تاؤ نے ایلیٹ گروپ ڈی کے مقابلے میں چنڈی گڑھ کو ایک اننگز اور 259 رن سے شکست دی۔ انہوں نے عمل تاؤ کی پہلی اننگز میں 571 رن پر سات وکٹ کے اعلان کردہ اسکور میں ناٹ آؤٹ 115 رن بنائے، اس کے بعد دوسری اننگز میں 48 رن دے کر سات وکٹیں حاصل کرتے ہوئے چنڈی گڑھ کی پوری ٹیم کو محض 94 رن پر آؤٹ کر دیا۔ چنڈی گڑھ کی ٹیم پہلی اننگز میں 94 رن پر آؤٹ ہو گئی تھی، جبکہ فالو آن کے بعد دوسری اننگز میں وہ 218 رن ہی بنا سکی۔ اس شاندار کامیابی سے عمل تاؤ کو سات پوائنٹس حاصل ہوئے۔ دوسری جانب ممبئی نے ایلیٹ گروپ اے کے مقابلے میں ریلویز کی جانب سے زبردست واپسی کی کوشش کو ناکام بناتے ہوئے 106 رن سے کامیابی حاصل کی۔ 372 رن کے ہدف کے تعاقب میں ریلویز کی ٹیم ایک وقت بیچ مشکل میں دکھائی دے رہی تھی۔ ایشان کشن اور زبیر علی نے چوتھی وکٹ کے لیے 167 رن کی شراکت قائم کی۔ کشن نے 103 اور زبیر نے 115 رن بنائے۔

کنگ کی بدولت پرتھ اسکارچرز کی کامیابی



سڈنی، ۴ نومبر (یو این آئی) بیتھ مونی (ناٹ آؤٹ ۸۰) اور سوفی ڈیوائن (۴۲ رن، ریٹائرڈ آؤٹ) کی شاندار بلے بازی کے بعد الانا کنگ کی چار وکٹوں کی بدولت ویمنز بگ بیش لیگ میں پرتھ اسکارچرز نے سڈنی تھنڈر کو ۱۷ رن سے شکست دے کر پوائنٹس ٹیبل میں ٹاپ پوزیشن حاصل کر لی۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے پرتھ اسکارچرز نے تین وکٹ پر ۱۸۳ رن بنائے۔ ڈیوائن کے خود کو ریٹائرڈ آؤٹ کرنے کے فیصلے کے بعد فریا کیمپ نے صرف ۱۰ گیندوں پر ۳۰ رن بنائے۔ مونی نے ۸۰ رن کی ناٹ آؤٹ اننگز کھیل کر ٹورنامنٹ میں اپنا ریکارڈ ۴۹ واں نصف سنچری مکمل کیا۔ جواب میں سڈنی تھنڈر کی ٹیم ۱۹ اوور میں ۱۶۶ رن پر سمٹ گئی۔ الانا کنگ نے ۳۵ رن دے کر چار وکٹیں حاصل کیں، جبکہ کلوئی ٹرائن نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ فوبی لچ فیلڈ نے ۳۴، لورا ہیرس نے ۲۹ اور تالیہ ولسن نے ۲۵ رن بنائے۔ مختصر اسکور: پرتھ اسکارچرز ۲۰ اوور میں ۱۸۳ رن (بیتھ مونی ۸۰ ناٹ آؤٹ، سوفی ڈیوائن ۴۲ ریٹائرڈ آؤٹ) و سڈنی تھنڈر ۱۶۶ رن (فوبی لچ فیلڈ ۳۴، الانا کنگ ۴/۳۵)۔

ہندوستان نے پاکستان کو ہرایا



ڈھاکہ، ۵ نومبر (یو این آئی) ہندوستانی فٹ بال ٹیم نے سیف چیمپئن شپ ۲۰۲۶ میں اپنے خطاب کے دفاع کا آغاز پاکستان کو ۳-۲ سے شکست دے کر کیا۔ ڈھاکہ کے نیشنل اسٹیڈیم میں جمعرات کو کھیلے گئے گروپ بی کے پہلے مقابلے میں کپتان اور ڈیفنڈر سنیل چھیتری نے دو گول کیے، جبکہ سنگلینتھانگ کیجگین نے ایک گول کر کے ہندوستان کو کامیابی دلائی۔ سنیل چھیتری نے پہلے ہاف میں ۱۳ویں اور ۱۹ویں منٹ میں گول کیے، جبکہ کیجگین نے اسٹوپر منٹ میں تیسرا گول کر کے ہندوستان کو وقفے تک ۳-۰ کی مضبوط برتری دلا دی۔ پاکستان نے آخری ٹائم میں نجیب اللہ (۹۱ویں منٹ) اور عالمگیر غازی (۹۴ویں منٹ) کے گول کی بدولت فرق کم کیا، لیکن ہندوستان نے تینوں پوائنٹس حاصل کر لیے۔ ہندوستان اس ٹورنامنٹ میں اٹھارہ ۲۳ ٹیم کے ساتھ حصہ لے رہا ہے۔ نو بار کی چیمپئن ہندوستانی ٹیم نے متاثر انداز میں کھیل کا آغاز کیا اور مڈفیلڈ پر گرفت مضبوط کرنے کی کوشش کی۔ البھیشیک سوریہ دلتی نے اس دوران اہم کردار ادا کیا۔ ۴۲ویں منٹ میں کیجگین کے فضائی پاس پر سنیل چھیتری نے گیند کو جال میں پہنچایا۔

2 کروڑ روپے کی انعامی رقم کا گولف ٹورنامنٹ



ممبئی، 5 نومبر (یو این آئی) دسمبر 2026 میں 'سلو کو اوپن' کے بعد، جنوری 2027 میں ولنگڈن اسپورٹس کلب میں 2 کروڑ روپے کی انعامی رقم والی 'شری شکتی روپا میموریل گولف چیمپئن شپ' کے انعقاد سے ممبئی میں پیشہ ورانہ گولف کو زبردست فروغ ملے گا۔ اس طرح ایک ماہ کے اندر ممبئی میں دو بڑے ٹورنامنٹس کا انعقاد ہوگا، جن کی کل انعامی رقم 3 کروڑ روپے ہوگی، جو ہندوستان کے سرفہرست گولفرز کو اس مجلے میں لائے گی۔ پہلی 'شری شکتی روپا میموریل گولف چیمپئن شپ' 12 سے 15 جنوری 2027 تک تاریخی ولنگڈن اسپورٹس کلب میں منعقد ہوگی۔ یہ ٹورنامنٹ ای پی ڈرائیو پی جی ٹی آئی اور ایسار ایڈمنسٹریشن کے درمیان پانچ سالہ شراکت داری کے تحت 2031 تک سالانہ منعقد کیا جائے گا۔ دوسری جانب، ایک کروڑ روپے کے انعام پر مشتمل 'سلو کو اوپن' 15 سے 18 دسمبر 2026 تک نوی ممبئی کے کھارگھر ویلی گولف کورس میں کھیلا جائے گا۔ یہ دونوں ٹورنامنٹس ہندوستانی پیشہ ور کھلاڑیوں کو مسابقت کے مزید مواقع فراہم کریں گے اور انہیں بین الاقوامی سطح تک پہنچنے میں مدد کریں گے۔ ڈی پی ورلڈ پی جی ٹی آئی کے صدر کیل ڈریز نے نوجوان صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے ان ٹورنامنٹس کی اہمیت پر زور دیا ہے،

جنگو کی سنچری، سلہٹ ٹیسٹ میں ویسٹ انڈیز کی مضبوط واپسی



سلہٹ، ۵ نومبر (یو این آئی) اہیر جنگو (ناٹ آؤٹ ۱۱۱) کی شاندار سنچری اور کیون واہم (۶۱) کی نصف سنچری کی بدولت ویسٹ انڈیز نے بنگلہ دیش کے خلاف پہلے ٹیسٹ کے ابتدائی دن جمعرات کو خراب روشنی کے باعث کھیل روکے جانے تک ۷۰ اوور میں چار وکٹ پر ۲۳۵ رن بنا کر اپنی پوزیشن مستحکم کر لی۔ آج یہاں ویسٹ انڈیز نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کا فیصلہ کیا، تاہم مہمان ٹیم کی شروعات اچھی نہیں رہی۔ پہلے ہی گھنٹے میں شمکین احمد نے اوپنر برینڈن کنگ اور جوشوا ڈی سلوا کو آؤٹ کر دیا، جبکہ حسن محمود نے کیوم ہوج کو پویلین بھیج دیا۔ اس طرح نویں اوور تک ویسٹ انڈیز کا اسکور ۲۷ رن پر تین وکٹ ہو گیا اور ٹیم کو اننگز سنبھالنے کے لیے ایک مضبوط شراکت کی ضرورت تھی۔ اس موقع پر اہیر جنگو اور کیون واہم نے ذمہ دارانہ بلے بازی کرتے ہوئے اننگز کو سنبھالا۔ دونوں نے پہلے مزید کوئی وکٹ گنوائے بغیر لنچ بریک اور پھر ٹی تک پہنچنے کا ہدف حاصل کیا۔ لنچ کے وقفے تک ویسٹ انڈیز نے تین وکٹ پر ۸۶ رن بنا لیے تھے۔ وقفے کے بعد بھی دونوں بلے بازوں نے اپنی شراکت جاری رکھی اور مجموعی طور پر ۱۳۱ اوور تک کریز پر ڈٹے رہے۔ اس دوران دونوں نے چوتھی وکٹ کے لیے ۱۳۱ رن جوڑے اور واہم نے اپنی نصف سنچری بھی مکمل کی۔ تاہم حسن محمود نے اس شراکت کا خاتمہ کرتے ہوئے واہم کو ۶۱ رن کے انفرادی اسکور پر بولڈ کر دیا۔ انہوں نے صبر و تحمل سے بیٹنگ کرتے ہوئے ٹیم کو مشکل صورت حال سے نکالنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس کے بعد جنگو نے گریوز کے ساتھ مل کر اننگز آگے بڑھائی اور اپنے ٹیسٹ کریئر کی دوسری سنچری مکمل کی۔ دن کا کھیل ختم ہونے تک جنگو ۱۱۱ رن بنا کر ناٹ آؤٹ تھے، جبکہ گریوز ۳۵ رن بنا کر ان کا ساتھ دے رہے تھے۔

واپسی کے لیے راشد خان کو کرنا ہوگا انتظار

افغانستان کی میڈیکل ٹیم نے انہیں فی الحال ٹیسٹ میچ کھیلنے سے گریز کرنے کا مشورہ دیا



نئی دہلی، ۵ نومبر (یو ایس)۔ افغانستان کرکٹ ٹیم کے اسٹار لیگ اسپنر راشد خان ابھی ٹیسٹ کرکٹ میں واپسی کے لیے پوری طرح تیار نہیں ہیں۔ کمر کی چوٹ اور فٹنس سے متعلق خدشات کے پیش نظر افغانستان کی میڈیکل ٹیم نے انہیں فی الحال ٹیسٹ میچ کھیلنے سے گریز کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ زمبابوے کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز سے قبل افغانستان کے کپتان رحمت شاہ نے واضح کیا کہ مکمل طور پر فٹ ہونے کے بعد ہی راشد خان ٹیسٹ ٹیم کا حصہ بنیں گے۔ راشد خان نے اپنے کرکٹ کیریئر میں اب تک صرف چھ ٹیسٹ میچ کھیلے ہیں، جبکہ محدود اوورز کے دونوں فارمیٹس (ون ڈے اور ٹی ۲۰) میں ان کے نام ۳۳۵ سے زائد میچ درج ہیں۔ کمر کی چوٹ اور فٹنس سے متعلق خدشات کے باعث وہ حالیہ عرصے میں ٹیسٹ کرکٹ سے دور رہے ہیں۔ تاہم محدود اوورز کی کرکٹ میں وہ افغانستان ٹیم کے اہم کھلاڑی بنے ہوئے ہیں۔ آئی سی سی کی ویب سائٹ کے مطابق رحمت شاہ نے کہا کہ راشد خان کے حوالے سے ٹیم کے میڈیکل اسٹاف اور فزیو تھراپسٹ نے مشورہ دیا ہے کہ انہیں فی الحال ٹیسٹ میچ نہیں کھیلنا چاہیے، کیونکہ وہ ابھی اس کے لیے مکمل طور پر تیار نہیں ہیں۔ رحمت شاہ نے کہا کہ ہم محدود اوورز کی کرکٹ کے لیے راشد خان کو کھونے کا خطرہ مول نہیں لے سکتے۔ وہ ہماری ٹیم کے لیے انتہائی اہم کھلاڑی ہیں۔ میں ان کی جلد صحت یابی کی دعا کرتا ہوں۔ راشد خود بھی ٹیسٹ کرکٹ کھیلنا پسند کرتے ہیں، لیکن اگر ان کا جسم اس کی اجازت نہیں دیتا اور ڈاکٹروں و میڈیکل ٹیم کی رپورٹ بھی کھیلنے کے حق میں نہیں ہے تو ہم کوئی خطرہ مول نہیں لیں گے۔ افغانستان کے کپتان نے ٹیسٹ کرکٹ میں گیند بازوں پر پڑنے والے جسمانی دباؤ کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ راشد خان کی کمر میں پہلے بھی مسائل رہے ہیں، اس لیے ان کے ورک لوڈ کا انتظام کرنا انتہائی ضروری ہے۔ رحمت شاہ نے کہا کہ وہ ہمارے اہم اسپنر ہیں۔ اگر وہ ٹیم میں شامل ہوتے ہیں تو طویل شراکت داری کے دوران مجھے یقیناً ان سے مسلسل گیند بازی کرانے کی ضرورت پڑے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیسٹ میچوں میں راشد خان پر کافی بوجھ ہوگا، کیونکہ مختصر فارمیٹ میں کھیل صرف تین گھنٹے کا ہوتا ہے۔

ہندوستان-سری لنکا پہلا ون ڈے دہلی سے منتقل



نئی دہلی، 5 نومبر (یو این آئی) ہندوستان اور سری لنکا کے درمیان 13 دسمبر کو کھیلا جانے والا پہلا ون ڈے میچ دہلی سے وشاکھاپٹنم منتقل کر دیا گیا ہے۔ قومی دارالحکومت میں خراب موسم کے خدشے اور ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں تزئین و مرمت کے مجوزہ کام کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ دہلی ایسوسی ایشن (ڈی ڈی سی اے) نے قومی دارالحکومت میں موسم کی خرابی کے امکان اور اسٹیڈیم کے آؤٹ فیلڈ کی نئی گھاس بچھانے کے جاری کام کا حوالہ دیتے ہوئے بی سی سی آئی سے میچ کا مقام تبدیل کرنے کی درخواست کی تھی۔ بی سی سی آئی نے اپنے بیان میں کہا کہ ڈی ڈی سی اے کی درخواست پر موسم کی ممکنہ خرابی اور اسٹیڈیم میں مجوزہ تزئین و مرمت کے کام کو مدنظر رکھتے ہوئے میچ کا مقام تبدیل کیا گیا ہے۔ اب یہ مقابلہ وشاکھاپٹنم کے اے سی اے-وی ڈی سی اے کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا، تاہم تاریخ میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ ہندوستان کو اگلے ماہ سری لنکا کے خلاف تین ون ڈے اور تین ٹی 20 میچوں کی سیریز کھیلنی ہے۔ دوسرا ون ڈے 16 دسمبر کو بنگلورو اور تیسرا 19 دسمبر کو احمد آباد میں ہوگا۔ تین میچوں کی ٹی 20 سیریز کے ساتھ ہندوستان کا رواں سال کا بین الاقوامی کرکٹ کیلنڈر ختم ہوگا۔ یہ مقابلے 22 سے 27 دسمبر کے درمیان راجکوٹ، کٹک اور پونے میں کھیلے جائیں گے۔ ہندوستانی ٹیم اس وقت نیوزی لینڈ کے دورے پر ون ڈے سیریز کھیل رہی ہے، جس کے بعد دونوں ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز بھی کھیلی جائے گی۔

پلوامہ میں ٹی20 کرکٹ ٹورنامنٹ اختتام پذیر



پلوامہ، ۵ نومبر: سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: پلوامہ میں ٹی ۲۰ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ کھیلا گیا، جس میں پرچھو سٹرائیکرز نے ڈی پورہ کی ٹیم کو شکست دے کر ٹورنامنٹ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ پرچھو اسٹرائیکرز کی جانب سے شبیر لیلٹی نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے ۷۶ رنز کی ناقابل فراموش اننگز کھیلی اور اپنی ٹیم کی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کیا۔ تفصیلات کے مطابق سپورٹس سٹیڈیم پلوامہ میں T۲۰ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ ڈی پورہ رائلز اور پرچھو اسٹرائیکرز کے درمیان کھیلا گیا۔ ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے پرچھو نے مقررہ ۲۰ اوورز میں ۵ وکٹوں کے نقصان پر ۲۱۷ رنز بنائے۔ پرچھو اسٹرائیکرز کی جانب سے شبیر لیلٹی نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے ۷۶ رنز کی عمدہ اننگز کھیلی۔ انہوں نے اپنی اننگز کے دوران ۸ چوکے اور ۳ لانگ سکاف چھکے لگائے اور ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ الطاف آہنگر نے ۶۱ جبکہ بٹ انظر نے ۲۷ رنز کی اہم اننگز کھیلی۔ اس طرح پرچھو اسٹرائیکرز نے مقررہ اوورز میں ۲۱۷ رنز بنا کر ڈی پورہ رائلز کے سامنے ۲۱۸ رنز کا پہاڑ جیسا ہدف کھڑا کیا۔ جواب میں ڈی پورہ رائلز کی ٹیم مقررہ اوورز میں ۸ وکٹوں کے نقصان پر محض ۱۴۲ رنز ہی بنا سکی، ڈی پورہ رائلز کی جانب سے قربان طارق نے ۴۰، تنویر ملک نے ۳۵ جبکہ راشد منظور نے ۱۸ رنز کی اننگز کھیلی۔

فٹبال انتخابی ٹرائلز کا نیا شیڈول جاری

جموں، 5 نومبر: سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: جموں و کشمیر امیچر باکسنگ ایسوسی ایشن (JKABA) کی جانب سے 10ویں ایلیٹ مرد و خواتین قومی باکسنگ چیمپئن شپ میں جموں و کشمیر کی نمائندگی کے لیے کھلاڑیوں کے انتخاب کی غرض سے 10 نومبر 2026 کو باکسنگ ایرینا، انڈور اسپورٹس کمپلیکس، ایم اے اسٹیڈیم جموں میں سلیکشن ٹرائلز منعقد کیے جائیں گے۔ ایسوسی ایشن کے مطابق، خواتین کی قومی چیمپئن شپ 10 دسمبر 2026 سے گوہاٹی میں منعقد ہوگی، جبکہ مردوں کی چیمپئن شپ 20 دسمبر 2026 سے پٹنہ میں شروع ہوگی۔ سلیکشن ٹرائلز میں حصہ لینے کے خواہش مند اور اہل باکسرز کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ 9 نومبر 2026 یا اس سے قبل اپنے نام درج کرائیں اور مقررہ دستاویزات جمع کروائیں۔ اس سلسلے میں راجن شرما سے موبائل یا واٹس ایپ نمبر 9419145390 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ درکار دستاویزات کی تفصیلات: 1. پیدائش پی، پیدائش سی اور ایچ آئی وی کے منفی ٹیسٹ سرٹیفکیٹ (تین ماہ سے زیادہ پرانے نہ ہوں)۔ 2. جنس کی اہلیت سے متعلق سرٹیفکیٹ (Gender Eli-) 3. (gibility Certificate پی ایف آئی میڈیکل بک (اگر پہلے سے جاری کی گئی ہو)۔ 4. تاریخ پیدائش کا سرٹیفکیٹ۔ 5. پی ایف آئی کا سالانہ میڈیکل سرٹیفکیٹ۔ 6. ڈومیسائل سرٹیفکیٹ۔ 7. اسپورٹس کونسل کا میڈیکل سرٹیفکیٹ۔ 8. آدھار کارڈ۔ 9. خواتین باکسرز کے لیے ٹان پریگننسی سرٹیفکیٹ (ایک ماہ سے زیادہ پرانا نہ ہو)۔

رگبی چیمپئن شپ 11 نومبر سے



بارہمولہ، 5 نومبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: ڈسٹرکٹ رگبی ایسوسی ایشن بارہمولہ کی جانب سے بے ایڈ کے رگبی ایسوسی ایشن کے اشتراک سے اور بے ایڈ کے اسپورٹس کوٹسل کی سرپرستی میں ڈسٹرکٹ رگبی چیمپئن شپ 2026-27 (لڑکوں اور لڑکیوں) کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ یہ چیمپئن شپ 11 اور 12 نومبر 2026 کو ایس آر ایم ویلکن ایجوکیشنل ٹرسٹ، سوپور میں منعقد ہوگی۔ منتظمین کے مطابق، چیمپئن شپ میں شرکت کے خواہشمند کھلاڑیوں اور ٹیموں سے انٹری فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 7 نومبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ تمام دلچسپی رکھنے والی ٹیموں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ مقررہ تاریخ سے قبل اپنے انٹری فارم جمع کرائیں تاکہ مقابلوں میں ان کی شرکت کو یقینی بنایا جاسکے۔ رجسٹریشن اور دیگر معلومات کے لیے کھلاڑی اور ٹیمیں درج ذیل نمبروں پر رابطہ کر سکتی ہیں: 6005860215، 8899966419

جوڈو کھلاڑیوں کے انتخابی ٹرائلز 16 نومبر کو



جموں، ۵ نومبر: سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: جوڈو ایسوسی ایشن جموں و کشمیر کی جانب سے جموں ضلع کے سب جونیئر جوڈو کھلاڑیوں (لڑکوں اور لڑکیوں) کے انتخاب کے لیے ۱۶ نومبر ۲۰۲۶ کو ایم اے اسٹیڈیم جموں کے جوڈو ہال میں ٹرائلز منعقد کیے جائیں گے۔ منتخب کھلاڑی اپنی متعلقہ وزن کیٹیگریز میں جموں و کشمیر یونین لیبریٹری سب جونیئر جوڈو چیمپئن شپ میں شرکت کریں گے، جس کا انعقاد نومبر ۲۰۲۶ کے تیسرے ہفتے میں متوقع ہے۔ تمام جوڈو کھلاڑیوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنی تاریخ پیدائش (DOB) اور آدھار کارڈ کے ہمراہ اپنے متعلقہ کوچز سے رابطہ کریں اور انتخابی ٹرائلز میں شرکت یقینی بنائیں۔ یہ انتخابی ٹرائلز جموں و کشمیر اسپورٹس کونسل کے زیر سائے منعقد کیے جائیں گے۔

طالبات کے لیے کھو کھو اور باسکٹ بال ٹورنامنٹس کا انعقاد



پلوامہ، ۵ نومبر: سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: جموں و کشمیر پولیس کی جانب سے سول ایکشن پروگرام (CAP) ۲۰۲۶-۲۷ کے تحت اسپورٹس اسٹیڈیم پلوامہ میں طالبات کے لیے کھو کھو اور باسکٹ بال ٹورنامنٹس کا انعقاد کیا گیا۔ ان مقابلوں کا افتتاح ایس ایس پی پلوامہ سہیل سرگل (آئی پی ایس) نے کیا۔ اس موقع پر پولیس کے دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے، جنہوں نے تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ پروگرام میں خواتین کھلاڑیوں، طالبات، کھیلوں کے شائقین اور مقامی آبادی کے افراد نے پرجوش شرکت کی۔ ان ٹورنامنٹس کے انعقاد کا مقصد طالبات میں کھیلوں کے رجحان کو فروغ دینا، ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کی شناخت کرنا اور نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں، ٹیم ورک اور کھیل کے جذبے کا مظاہرہ کرنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ شرکاء سے بات چیت کے دوران ایس ایس پی پلوامہ سہیل سرگل نے نوجوانوں کی شخصیت سازی میں کھیلوں کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ کھیل نظم و ضبط، خود اعتمادی، جسمانی صحت اور قائدانہ صلاحیتوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے ضلع بھر میں نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں سے جوڑنے اور کھیلوں کے فروغ کے لیے جموں و کشمیر پولیس کے عزم کا اعادہ کیا۔ افتتاحی تقریب کے بعد دونوں کھیلوں کے ابتدائی مقابلے کھیلے گئے، جس کے ساتھ ہی ٹورنامنٹس کے ناک آؤٹ مرحلے کا باقاعدہ آغاز ہوا۔

ٹی20 ناک آؤٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل مقابلہ اختتام پذیر



کپواڑہ، ۵ نومبر: سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: کپواڑہ پولیس کی جانب سے سوک ایکشن پروگرام ۲۰۲۶-۲۷ کے تحت منعقدہ کپواڑہ پولیس میموریل ٹی ۲۰ ناک آؤٹ کرکٹ ٹورنامنٹ ۲۰۲۶-۲۷ کا گرینڈ فائنل گیزو، کپواڑہ میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر انعامات کی تقسیم کی تقریب بھی منعقد کی گئی، جس میں ایس ایس پی کپواڑہ نے فاتح ٹیم کو مبارک باد پیش کرنے کے ساتھ تمام شریک کھلاڑیوں کی کارکردگی کو سراہا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایس ایس پی کپواڑہ نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ کھیلوں کی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، نظم و ضبط کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں اور منشیات کے استعمال سمیت دیگر سماجی برائیوں سے دور رہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی صلاحیتوں کو مثبت سمت فراہم کرنے کے ساتھ انہیں صحت مند اور تعمیری سرگرمیوں میں مصروف رکھنے کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ ایس ایس پی نے پولیس اور عوام کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے تعمیری پروگرام پولیس اور عوام کے درمیان فاصلے کم کرنے، باہمی اعتماد، تعاون اور سماجی روابط کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس موقع پر ٹورنامنٹ کی فاتح اور رنر اپ ٹیموں کو ان کی کارکردگی کے اعتراف میں اعزازات سے نوازا گیا۔ کپواڑہ پولیس نے نوجوانوں کو کھیلوں کے ذریعے مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے، منشیات سے پاک معاشرے کے قیام اور پولیس و عوام کے درمیان مضبوط روابط کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہونے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "سرینگر ٹائمز" کھیل کے تئیں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک خصوصی کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس یا ہم تحریری طور کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام خط سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں ہوگی ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے

(۲) سپورٹس نامہ کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاقہ مقامی نوٹ ہنس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور کھیل کھیل کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی نقد نتیجہ کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی نوٹ ہنس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے ان کو جانچ لیا کریں۔ (ادارہ)

مکمل پتہ
ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔190001
email: saahil.srinagartimes@gmail.com
مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں: 0194-2456781

Printed and Published by: SAHIL YOUSUF, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: BASHIR AHMAD BASHIR, Executive Editor, S.M. YOUSUF, Editor: SHADAB BASHIR, Managing Advertising: SEEMAAB BASHIR, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781